Volume IV
No. 35

NAP IV (35)/85
400

THE
NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

DEBATES

OFFICIAL REPORT

Sunday, the 1st December, 1985

(4th Session of 1985)
(Volume IV contains No. 1 to 43)

CONTENTS

			Pages
1.	Recitation from the Holy Qur'an	...	4332
2.	Fateba Prayers	...	4333
3.	Starred Questions and Answers	...	4333
4.	Privilege Motions	...	4374
5.	Re : Adjournment Motions	...	4384
6.	Re : Rules of Procedure	...	4386
7.	Point of Order	...	4388
8.	Adjournment Motions	...	4391
9.	Points of Order	...	4401
10.	The Politicai Parties (Amendment) Bill, 1985—Continued.	...	4417

PRINTED BY THE MANAGER, PRINTING CORPORATION OF PAKISTAN PRESS, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI

Price Rs. 11 00

NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN
ASSEMBLY DEBATES

Sunday, the 1st December, 1985

The National Assembly of Pakistan met in the Assembly Chamber (State Bank Building) Islamabad, at ten of the clock, in the morning, Mr.Speaker (Syed Fakhar Imam) in the Chair.

RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یٰایھا الذین اٰمنوا اذکروا اللہ ذکراً کثیراً ٥ و
سبحوہ بکرۃً و اصیلاً ٥ ھوالذی یصلی علیکم و
ملٰئکتہٗ لیخرجکم من الظلمٰت الی النور ط و
کان بالمؤمنین رحیماً ٥ تحیتھم یوم یلقونہٗ
سلٰم ج واعد لھم اجراً کریماً ٥ یٰایھا النبی
انا ارسلنٰک شاھداً ومبشراً ونذیراً ٥ وداعیاً
الی اللہ باذنہٖ وسراجاً منیراً ٥ وبشر المؤمنین
بان لھم من اللہ فضلاً کبیراً ٥

(ترجمہ : - اے اہل ایمان! خدا کا بہت بہت اور کثرت سے ذکر کیا کرو۔ اور صبح شام اسی کی پاکی بیان کرتے رہا کرو۔ وہی تو ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے، اور اس کے فرشتے بھی، تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائے۔ اور اللہ تعالےٰ یقیناً مسلمانوں پر نہایت ہی مہربان ہے۔ جس روز وہ ان سے ملیں گے ان کا تحفہ خدا کی طرف سے سلام ہوگا۔ اور اس نے ان کے لئے بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے۔ اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم نے آپ کو گواہی دینے والا اور خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا۔ اور خدا کی طرف بلانے والا اور روشن چراغ بنا کر بھیجا ہے۔ اور مومنوں کو خوشخبری سنا دو کہ ان کے لئے خدا کی طرف سے بڑا فضل موجود ہے۔)

FATEHA PRAYERS

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری: - جناب والا - جیسا کہ تازہ ترین اطلاع کے مطابق اخباروں کی سرخی سے بھی ظاہر ہوا اور آپ نے بھی ملاحظہ فرمایا کہ وہی منفور اماکہ گروپ کراچی میں واردات کی اور سات حضرات جان بحق ہوئے۔ جناب سپیکر! یہ وارداتیں پاکستانی علاقوں کے لئے معمول بن گئی ہیں۔ اور جتنے بھی شکار ہوئے تو سب کے سب اگر آپ لسٹ دیکھیں تو غریب تھے۔ اخباری اطلاعات کے مطابق اب تک تقریباً چھیاسی افراد قتل ہو چکے ہیں۔

جناب سپیکر: - شاہ صاحب! آپ کو اس بات کا علم ہو گا کہ ---

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری: - جناب! میں چاہتا ہوں کہ اگر آپ اجازت دیں تو ان کے لئے فاتحہ کر لی جائے، دعائے خیر کر لی جائے۔

(فاتحہ پڑھی گئی)

جناب وصی مظہر ندوی: جناب سپیکر! اس پر میں نے تحریک التواء پیش کی ہے اور اس سے پہلے ۲۱ نومبر کو حیدر آباد میں جو واقعہ ہوا۔ اس پر بھی تحریک التواء ہے۔ یہ ایسا مسئلہ ہے جس پر فوری طور پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

جناب سپیکر: - جب تحریک التواء کا مسئلہ آئے گا۔ اس وقت میں گزارش کروں گا۔ میں آپ کو بتاؤں گا کہ تحریک التواء کے ہمارے پاس ڈھیر لگے ہوتے ہیں۔

جناب وصی مظہر ندوی: جناب والا! یہ بڑا سنگین مسئلہ ہے اس پر قومی اسمبلی کو توجہ کرنی چاہیئے اس کے لئے فوری طور پر کوئی وقت نکالیں۔ مہربانی ہو گی۔

جناب سپیکر: - آپ کی نوازش۔

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS.

Mr. Speaker: Question Hour. Mr. M.P. Bhandara.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

LAW FOR DEFINITION OF "SCHEDULED CASTES"

921. ***Mr. M. P. Bhandara :** Will the Minister for Justice and Parliamentary Affairs be pleased to state whether any law force defines the expression "scheduled castes", and to table a copy of such law, if in force ?

Mr. Iqbal Ahmad Khan : No.

Mr. M.P.Bhandara: Sir, I wish to ask the honourable Minister for Justice and Parliamentary Affairs if there is any intention on the part of the Government to bring inforce a law to define the expression "Schedule Castes", as this expression is used in Article 61 and 106 of the Constitution?

Mr. Iqbal Ahmed Khan: Sir, apparently, mention of Schedule Castes in Article 152 A and 106 (3) seems to be redundant. But we will examine this issue and, if need be, we may enact a law defining "Schedule castes".

Mr. M. P. Bhandara: Sir, I would wish to ask the honourable Minister as to why this is redundant, because the Schedule castes were defined in 1950 Constitution and this definition did receive certain rights and privileges; and since these rights and privileges have been blighted it appears to be.......

Mr. Speaker: Question please, Mr. Bhandara.

Mr. M.P.Bhandara: Sir, the question is that I would request for a categorical statement that the definition of "Scheduled Castes" is contemplated by the law, Minister.

Mr.Iqbal Ahmed Khan: Sir, for the information of the honourable Member I would like to submit that the expression "Schedule castes" was originally used in the Government of India Act, 1935; and, for the purposes of the First, Fifth and Sixth Schedule thereto, certain castes, races and tribes inhabiting different Privinces were specified as Scheduled Castes by virtue of the Government of India (Schedule Castes) Order, 1936 excepting the Scheduled Castes relating to the provinces of Bengal and Punjab, which, too, were notified as Scheduled Castes of the East Ben al and West Punjab. The rest of the Scheduled Castes were omitted by the Governor-General's Order, No. 19 of 1937. Since the force of 1936 Order, as amended by the Governor-General's Order of 1937, was for the purpose of Act of 1935, with the coming into force of 1956 Constitution, the Order of 1936 automatically became inoperative and, probably for that reason, the Scheduled

Castes (Declaration) Ordinance, 1957, was promulgated in consonance with the Constitution of 1956. This Ordinance, however, lapsed on 9th January 1958.

Sir, as the expression scheduled castes was not used in the 1962 constitution, no law on the subject appears to have been enacted and thus no law on the subject is now in force.

Sir, the phrase "Scheduled Castes" has again been used in the present constitution, in Article 106 (3) thereof. Its ordinary meaning can be the castes mentioned in the schedule. Since in the aforesaid 1936 order, certain tribes and castes were mentioned in the Schedule thereto, probably for that reason, this phrase came to be used in the legal parlance. It, therefore, necessarily follows that, unless there is a law having a schedule enumerating therein certain tribes and castes which, due to their peculiar social conditions, have not attained the sufficient degree of civilization, nor, due to uncertain and vague religious beliefs, they come under other categories of non-Muslim minorities, such as Christians, Hindus, Sikhs, Buddhists, Parsies, Ahmadies etc. it would not be possible to identify them as Schedule Castes for the purposes of Article 106 (3) and Article 152 A.

Mr. M.P.Bhandara: Sir, I would submit that it will be anamolous that the constitution's schedules and expressions, which are indeterminate and undefined. . .

Mr. Speaker: What is the question, Mr. Bhandara?

Mr. M.P.Bhandara: The question, Sir, is, or rather it is a statement, that . . .

Mr. Speaker: I beg to remind the honourable member that it is the Question Hour and not the Policy Statement Hour. Thank you. Next question.

RETIREMENT OF OFFICERS OF T & T DEPARTMENT

922. ***Haji Muhammad Unis Elahi**: Will the Minister for Communications be pleased to state :

(a) whether it is a fact that T&T Department retired, in 1980, some officers on completion of 25 years service, without previous notice, etc. ; and

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the details of the action taken on their applications in the CMLA's office ?

Mr. Mohyuddin Baluch: (a) Yes. Cases of Government servants who have completed 25 years of service are subject to review for determining their usefulness for further retention in service. No. notice needs be given under the rules for the said review by the Review Committee.

(b) Out of 24 Review Petitions submitted by the retired officers against the orders of their retirement from Government service under Rule 13 (ii) of Civil Servants Act, 1973, one petition was accepted and others rejected by the President.

حاجی محمد یونس الہی :- جناب! وزیر موصوف یہ ارشاد فرمائیں گے کہ جو چوبیس ریویو پٹیشنز کی گئی ہیں ان میں سے ایک accept کی گئی ہے اور ۲۳ ریجیکٹ ہیں۔ تو یہ ریجیکشن کی گراؤنڈز کیا ہیں۔ جس پر یہ اتنی ساری ریجیکٹ کی گئی ہیں ۔ ۲۳ ؟

شہزادہ محی الدین : جناب والا! جب سرکاری ملازم یا آفیسر کی مدت ۲۵ سال کی ہو جاتی ہے اس کے بعد گورنمنٹ کی بھی یہ مرضی ہے کہ ان کو پنشن کرے اور اگر وہ افسر چاہیں تو نظر ثانی کے لئے وہ درخواست دے سکتے ہیں، لیکن یہ ضروری نہیں ہے کہ ان کی نظر ثانی کی درخواست ضرور accept کی جائے کیونکہ سروس رولز کے مطابق ۲۵ سال کے بعد اس کو پنشن

پر جانا ہے ۔ البتہ جن آفیسروں نے نظر ثانی کے لئے درخواست دی تھی ان میں سے جن کو یا جس کو گورنمنٹ نے عوام اور گورنمنٹ کے لئے بہت ضروری سمجھا ہے ان میں سے ایک کی درخواست پریذیڈنٹ نے منظور کی تھی، اس کو ملازمت میں واپس لایا گیا تھا ۔ باقیوں کی درخواستیں منظور نہیں کی گئی تھیں ۔

حاجی محمد یونس الہی : جناب! یہ جو ۲۳ آفیسرز جن کی پٹیشنز منظور نہیں ہوئیں ۔ میرے علم میں یہ بات ہے کہ جو ریویو بورڈ تھا اس نے ان کو کلیئر کیا تھا لیکن اکثر و بیشتر کو انہوں نے ریجیکٹ کیا ۔ میں یہی وجہ جاننا چاہتا تھا کہ کیوں ؟ کیونکہ ریکمنڈیشنز منسٹری سے گئی ہوں گی ۔ اس کی وجوہات جاننا چاہتا ہوں ۔

شہزادہ محی الدین : جناب! میں نے یہ عرض کیا ہے کہ ان کی نظر ثانی کے لئے جو درخواستیں ہیں وہ ضروری نہیں ہے کہ سب کی سب accept کی جائیں ۔ عام طور پر میں معزز رکن سے

آپ کی وساطت سے یہ عرض کروں گا کہ نیشنل اسمبلی میں ہی اکثر یہ باتیں کی جاتی ہیں کہ زیادہ ایکسٹینشنز نہ دی جائیں۔ پھر اس قسم کے سوال کرنا میرے خیال میں مناسب نہیں ہے۔

جناب محمد عبداللہ غازی: جناب والا! میں پارلیمانی سیکرٹری صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ جو ایک جس کی درخواست منظور کی گئی ہے اس کا نام کیا ہے اور کون سی وہ بنیادی وجوہات تھیں جس سے وہ indispensible سمجھا گیا ہے کہ اس کو دوبارہ رکھا جائے۔

شہزادہ محی الدین: جناب والا! جس کی نظر ثانی کی درخواست accept کی گئی ہے اس کا نام مسٹر محمد اعظم ہے اور یہ تو میں نے عرض کیا ہے کہ پریذیڈنٹ نے اس کی درخواست منظور کی ہے اور یہ گورنمنٹ اور ملک کے مفاد میں بات ہو گی کہ اس آفیسر کی شاید گورنمنٹ کو ضرورت تھی۔

جناب محمد عبداللہ غازی: پوائنٹ آف آرڈر، سر!

جناب سپیکر: جی فرمایئے

جناب محمد عبداللہ غازی: جناب والا! میں نے پہلے ہی یہ کہا ہے کہ ہمیں vague جواب نہیں چاہیے ہمیں واضح بتایا جائے کہ اس فائل پر کون سی وجوہات بیان کی گئی ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ indispensible سمجھا گیا ہے۔

جناب سپیکر: وہ جو ۲۳ ہیں ان کے بارے میں آپ کا سوال ہے؟

جناب محمد عبداللہ غازی: جو ایک منظور کی گئی ہے۔ اس کے بارے میں ہے جناب والا!

جناب سپیکر: اچھا جی۔ جی آپ کے پاس کوئی انفرمیشن ہے یا فریش نوٹس چاہیئے؟

شہزادہ محی الدین: گراؤنڈز فی الحال میرے پاس نہیں ہیں۔ اگر معزز رکن چاہیں تو میں...

جناب سپیکر: فریش نوٹس کی ضرورت ہے۔ حاجی محمد یونس الہی صاحب۔

حاجی محمد یونس الہی: جناب پارلیمانی سیکرٹری صاحب نے میرے ایک سپلیمنٹری کے بارے میں یہ جواب دیا ہے کہ وہ ریٹائرڈ ہو گئے تھے۔ یہاں ریٹائرمنٹ نہیں ۲۵ سال مکمل کئے تھے ۲۵ سال اور ریٹائرمنٹ میں فرق ہے۔ وہ اس پر لاگو نہیں ہوتا۔ جو وہ جواب دے رہے ہیں وہ نا تسلی بخش جواب ہے۔

جناب سپیکر: ۲۵ سال کی بات انہوں نے کی ہے کہ ۲۵ سال کے بعد آپشن ہوتی ہے گورنمنٹ کی۔ جی حمزہ صاحب۔

جناب حمزہ: کیا جناب پارلیمانی سیکرٹری از راہ کرم یہ بتائیں گے کہ حکومت کی پالیسی میں تضاد کیوں ہے؟ ایک طرف تو آپ ۲۵ سال تک ملازمت کرنے والے لوگوں کو بغیر وجہ بتلائے ملازمت سے نکالنے کا اختیار رکھتے ہیں اور اس کو استعمال کرتے ہیں، اور دوسری طرف جو لوگ ۶۰ سال کی عمر کو پہنچ جاتے ہیں۔ ان کو آپ ملازمت میں توسیع دیتے ہیں۔ یہ طریقہ کار کیوں اختیار کیا گیا ہے؟

شہزادہ محی الدین: جناب والا! یہ میں عرض کروں کہ سول سرونٹس ایکٹ ۱۹۷۳ کے مطابق یہ کارروائی ہو رہی ہے۔ جو کچھ کارروائی ہوتی ہے۔ سب اسی رول میں شامل ہے۔

جناب سپیکر: اگلا سوال۔

UNIVERSITY GRANTS COMMISSION

923. *Mr. Liaqat Baluch: Will the Minister for Education be pleased to state:

(a) the name of the Chairman, University Grants Commission;

(b) the nature of Educational and Research work performed by the teachers of Universities, affiliated with the University Grants Commission; and

(c) whether it is a fact that the Incharge of training programme in the U.G.C. is a Qadiani?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo: (a) Dr. Daler Khan, Acting Chairman, University Grants Commission, Islamabad.

(b) University teachers are imparting education and providing research guidance at certificate diploma, bachelor, master, M. Phil and Ph. D. levels and are engaged in educational research work either independently or in groups in various disciplines. (Annexure-I). A detailed list of the Educational and Research work performed by University teachers affiliated with U.G.C. is placed at Annexure II & III. (Annexure I, II & III placed in the N.A. Library).

(c) According to the record of University Grants Commission it is not a fact.

ملک سرفراز احمد: کیا جناب وزیر تعلیم از راہ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے کہ ابھی تک ایکٹنگ چیئرمین کیوں رکھا گیا ہے؟

میاں محمد یٰسین خان وٹو: چیئرمین کی تعیناتی کے بارے میں اقدامات کئے جا رہے ہیں اور جلد ہی چیئرمین مقرر کر دیا جائے گا۔

924. *Deferred.*

جناب سپیکر: اگلا سوال

NEW ISLAMABAD INTERNATIONAL AIRPORT

925. ***Mr. Muhammad Nawaz Khokhar:** Will the Minister Incharge of the Aviation Division be pleased to state whether there is any programme to construct a new airport near Rawalpindi; if so, the time required for its construction, and the estimated expenditure thereof?

Sahabzada Yaqub Khan: Yes. Site for the New Islamabad International Airport has been selected. The project is at the preliminary stages of planning and designing. Once the detailed design is finalized, the time required for its construction and estimated expenditure will be known.

Mrs. Dureshawar Mazari: Sir, will the honourable Minister please state why there is the necessity of making a new airport? We already have one which catres both Rawalpindi and Islamabad. This expenditure that is being incurred is not necessary, for the facilities that are being provided at the airport are already in existence and they should be extended.

Mr. Speaker: Why it is necessary to have this expenditure

لفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) ڈبلیو ہربرٹ بلوچ: جناب والا! کوشش تو کی گئی تھی کہ اسی جگہ اسلام آباد ہی میں اس کی expansion کی جاتی کیونکہ اب expansion کی نہایت ہی ضرورت پڑ گئی ہے۔ یہ ایک بہت بڑا انٹرنیشنل ایرپورٹ بنایا جائے گا۔ تو تجارتی اور دوسرے لحاظ سے اس کی تعمیر کے لئے ایک نئی جگہ کو تلاش کیا گیا ہے۔

راجہ شاہد ظفر: کیا میں معزز پارلیمانی سیکرٹری صاحب سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ اس کے لئے کون سی سائٹ سلیکٹ کی گئی ہے؟

لفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) ڈبلیو ہربرٹ بلوچ : جناب والا! جہاں تک لوکیشن کا تعلق ہے۔ اگر آپ راولپنڈی سے پشاور روڈ پر جائیں اور پشاور کی طرف اگر ۱۲ میل تک جائیں تو وہاں پر ایک روڈ جنکشن ہے جسے ترنول روڈ جنکشن کہتے ہیں۔ اگر آپ اس جنکشن سے فتح جنگ کی طرف چلیں تو چار میل کے فاصلے پر ایک وہاں پنڈ ہے جسے پنڈ رانجھان کہتے ہیں۔ اس پنڈ رانجھان کی جنرل لوکیشن میں اس انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے لئے جگہ کو مخصوص کیا گیا ہے۔

جناب سپیکر: اگلا سوال۔

QUOTA FOR ISLAMABAD DISTRICT STUDENTS IN CADET

QUOTA FOR ISLAMABAD DISTRICT STUDENTS IN CADET COLLEGE

COLLEGE AND PUBLIC SCHOOLS

926. ***Mr. Muhammad Nawaz Khokhar :** Will the Minister for Education be pleased to state whether any quota has been fixed for the students of District Islamabad in the Cadet Colleges and Public Schools, like the students of Baluchistan, Northern Areas and Azad Kashmir ; if not, the reasons therefor ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : No. Students from Baluchistan. Northern Areas, FATA and Azad Kashmir are admitted in these Institutions under this Ministry's scheme entitled "Education of Talented Students from under-developed areas in Cadet Colleges Public Schools". Students from the Provinces of Punjab, Sind, NWFP and Islamabad District are not eligible under this scheme because these areas are not under-developed.

جناب سپیکر: اگلا سوال۔

SEATS FOR TARBELA DAM AFFECTEES IN ENGINEERING UNIVERSITIES

927. ***Mr. Gohar Ayub Khan :** Will the Minister for Education be pleased to state whether any seats are reserved for the Tarbela Dam affectees in the Mechanical and Engineering Universities ; if not, the reasons therefor ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : There are no reserved seats for Tarbela Dam affectees in the Engineering Universities.

Presently every Engineering University has its own admission Policy but generally the seats are reserved for rural/less developed areas ; wards of army personnel. University teachers employees, Professional engineers and diploma holders. The seats are also reserved for nominees of other provinces, foreign governments and Afghan refugee. The admission policy does not take into consideration the temporary dislocation or disturbance in an area.

جناب گوہر ایوب خان: جناب والا! جو تربیلا ڈیم کے متاثرین ہیں وزیر موصوف نے کہا ہے کہ عارضی بے دخلی ہے۔ وہ اپنی قبریں اور ہر چیز چھوڑ کر آئے ہیں۔ ان کی permanent dislocation ہوئی ہے۔ انہوں نے بڑی قربانیاں دی ہیں۔ ان کے لئے اتنا بھی نہیں ہو سکتا کہ انجینئرنگ یا میڈیکل یونیورسٹیز میں ایک یا دو سیٹیں ریزرو ہوں؟

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب والا! عرض یہ ہے کہ انہوں نے بڑی قربانی دی ہے۔ انہوں نے اپنی جائیدادیں چھوڑی ہیں۔ اس لیے کہ یہ قومی مجموعی مفاد میں تھا۔ لیکن حکومت نے جتنی انہوں نے قربانی دی تھی۔ اس جائیداد کے مقابلے میں انہیں جائیداد مہیا کی ہے۔ جہاں تک کالجوں میں داخلے کا مسئلہ ہے۔ اس سے پہلے بھی منگلا ڈیم بنا اور جہاں بھی اس قسم کی ڈسلوکیشن ہوئی ہے وہاں کبھی سیٹیں اسی بناء پر مقرر نہیں کی گئیں، اور اسی پالیسی پر عملدرآمد ہو رہا ہے۔

جناب گوہر ایوب خان: جناب وزیر موصوف کہتے ہیں کہ ان کو compensate کیا گیا! اگر اوسطاً پانچ سال کی نکالی جائے تو کچھ کمپینسیشن نہیں۔ ابھی تک وہ لوگ ہر چیز پہ اپنا کمپینسیشن ڈیمانڈ کر رہے ہیں اگر حکومت ان کی اس قربانی کو تسلیم کرتی ہے تو یہ چھوٹی سی قربانی کیوں نہیں کر سکتے کہ ان کے لئے ایک ایک سیٹ انجینئرنگ اور میڈیکل یونیورسٹیز میں ریزرو کر دے؟ حکومت اتنی بھی قربانی نہیں کر سکتی؟

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب والا! اصل میں یہ ایک مستقل مسئلہ نہیں ہوتا۔ جب ڈسلوکیشن ہوئی تو اس کے بعد سیٹلمنٹ طے ہو جاتی ہے۔ اب میرے خیال میں وہ لوگ دیگر جگہوں پر settle ہو چکے ہیں۔ لیکن اگر کوئی ایسا معاملہ ہو تو صوبائی حکومتیں جن کے گورنر صاحبان یونیورسٹیوں کے چانسلر ہیں۔ ان کے پاس کچھ discretionary کوٹہ ہوتا ہے۔ اگر کوئی ایسا جائز کیس ہو تو فاضل ممبر صاحب recommend فرمائیں گے اور ان کو بھیجا جا سکتا ہے۔ لیکن مستقل طور پر اس کے لئے سیٹیں مقرر کرنا۔ میرے خیال میں مناسب نہیں ہوگا۔ باقی علاقوں کے جس طرح حقوق ہیں ان میں ان کا حق باقاعدہ شامل ہے۔

جناب گوہر ایوب خان: وزیر موصوف نے فرمایا ہے کہ یہ صوبائی معاملہ ہے۔ تربیلا ڈیم مرکزی حکومت نے تعمیر کیا ہے اور ری سیٹلمنٹ کی تمام رقوم مرکزی حکومت نے ادا کی ہیں تو اس لیے یہ مجھے یقین دلا سکتے ہیں کہ اگر گورنر یا صدر صاحب کی ریزرو سیٹیں ہیں تو ان کے لیے بھی مرکزی حکومت تجویز کر سکتی ہے recommend

کر سکتی ہے کہ نہیں ؟

میاں محمد یٰسین خان وٹو: میں نے عرض کیا ہے کہ جو بھی کوئی جائز قسم کا کیس ہو۔ ہم اسے ریکمنڈ کرنے کے لئے تیار ہیں۔ لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ اس کو مستقل طور پر شامل کرنا یا مقرر کرنا مناسب نہیں ہے ۔ پھر ایک جگہ پر یہی مسئلہ پیدا ہو جائے گا۔ پہلے جو پالیسی چل رہی ہے ویسے تو وہی رہے گی لیکن اگر کوئی genuine کیس ہے اور میرے فاضل دوست اسے میرے نوٹس میں لائیں میں اسے اپنی سفارش کے ساتھ متعلقہ گورنر صاحب کو بھیجوں گا اور سفارش کر دوں گا کہ ان کو موڈیٹ کیا جائے ۔

928. *Deferred.*

جناب سپیکر : اگلا سوال ۔

TELEPHONE CONNECTIONS IN FAISALABAD DIVISION

929. *Ch. Muhammad Nazir Ahmad :** Will the Minister for Communications be pleased to state :

(a) the present number of telephone connections in Faisalabad Division and the number of lines proposed to be extended alongwith the District-wise details thereof ;

(b) whether it is a fact that the strength of staff is the same as it was 20 years ago in Faisalabad, whereas the telephone lines have been extended 10 times ; if so, the time by which the number of staff is expected to be increased ; and

(c) the time by which machinery will be installed, as the building of Central Telephone Exchange in Faisalabad has been completed ?

Mr. Mohyuddin Baluch : (a) 1. Present number of telephone connections in Faisalabad Revenue Division ....20,385.

2. Station-wise proposed expansions during Annual Development Programme 1985-86.

(i) Faisalabad Central-III	10,000 Lines Auto
(ii) Sargodha Road Exchange Faisalabad	1,000 „ „

(iii) Jaranwala Exchange	200 Line	Auto
(iv) Samundri Exchange	500 ,,	,,
(v) Tandlianwala Exchange	50 Lines (Manual)	
(vi) Chak Jhumra Exchange	50 Lines (Manual)	
(vii) Khhuranwala Exchange	45 Lines (Manual)	
(viii) Mamun Kanjan Exchange	50 Lines (Manual)	
(ix) Aminpur	50 Lines (Manual)	
(x) Rurala	50 Lines (Manual)	
(xi) Pansara	50 Lines (Manual)	

(b) No. Today's strength is 560 as compared to 97 which was 20 years ago.

(c) It will be endeavoured to install the exchange during 86-87 as it is linked with the selection of digital switch.

چوہدری محمد نذیر احمد : کیا پارلیمانی سیکرٹری صاحب یہ ارشاد فرمائیں گے کہ حکومت کے پاس کوئی ایسی سکیم زیر غور ہے۔ جس میں دیہاتوں میں ٹیلی فون مہیا کرنے کی کوئی سکیم ہو؟

شہزادہ محی الدین : یہ اس سے متعلقہ سوال نہیں ہے۔ اس کے لئے فریش نوٹس کی ضرورت ہے۔

جناب حمزہ : کیا جناب پارلیمانی سیکرٹری صاحب از راہ کرم مجھے بتائیں گے کہ سوال سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سوال کرنے والے نے ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے بارے میں پوچھا ہے، فیصل آباد ریونیو ڈویژن، جس میں اضلاع شامل ہیں۔ اضلاع اس میں ٹوبہ ٹیک سنگھ اور جھنگ شامل ہیں آپ نے جو تفصیل دی ہیں وہ صرف فیصل آباد سے متعلق ہیں۔ از راہ کرم اس میں ٹوبہ ٹیک سنگھ اور جھنگ کے اضلاع کی بھی تفاصیل ہمیں بتائیے؟

شہزادہ محی الدین : جناب والا! فیصل آباد ڈویژن کے متعلق جو سوال کیا گیا ہے۔ اس کے متعلق میں نے عرض کیا ہے کہ جو ٹوٹل کنکشنز ہیں وہ ۲۰،۳۸۵ ہیں۔

جناب سپیکر : میرے خیال میں ان کا سوال کچھ اور تھا۔ فیصل آباد ڈویژن کے تین اضلاع ہیں۔

جناب حمزہ : جناب سپیکر : عرض یہ ہے کہ سوال کے جو الفاظ ہیں ان سے صاف ظاہر ہے۔

انہوں نے پوچھا ہے کہ اس وقت فیصل آباد ڈویژن میں ٹیلی فون کنکشنوں کی تعداد کتنی ہے اور کتنی لائینوں کی توسیع کی جائے گی اور ان کی ضلع وار تفصیل کیا ہے۔ تو اس سے صاف ظاہر ہے کہ ریونیو ڈویژن انتظامی جو ڈویژن ہے۔ فیصل آباد کا اس میں ٹوبہ ٹیک سنگھ اور جھنگ شامل ہیں۔ اس کے بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہتے تھے۔ اور محکمہ ٹیلی فون جو ہے وہ بہت سے لوگوں کو ریٹائرڈ کر چکے ہیں۔ کیا بقایا لوگوں کی بھی ذہانت اور قابلیت کی یہ کیفیت ہے۔ کہ جواب دیتے وقت سوال کو بھی نہیں سمجھ سکے!

شہزادہ محی الدین: جناب والا! جہاں تک تفصیل کا تعلق ہے۔ ایکس چینجز کے نام اس میں دیئے ہوئے ہیں۔ یہی ٹوبہ ٹیک سنگھ سے تعلق نہیں رکھتا۔ اگر وہاں پر کوئی ایکس چینج رہ گیا ہو تو میں حمزہ صاحب سے معذرت چاہوں گا۔ اور جو ڈویژن سے متعلق تفصیل ہے وہ میرے خیال میں اس میں پوری دی گئی ہے۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں حمزہ صاحب اگنیوریشن ہے۔ کیونکہ انہوں نے فیصل آباد میں ٹیلی فون کا جو ڈویژن ہے اس کی تفصیل دی ہے نہ کہ تین ریونیو علاقوں کی۔

جناب حمزہ: جناب سپیکر! میں آپ سے یہ بتانا چاہتا ہوں کیونکہ یہ جو سوال کیا گیا ہے اس میں ڈسٹرکٹس کے بارے میں پوچھا گیا ہے۔

جناب سپیکر: جی ڈسٹرکٹ وائز پوچھا گیا تھا۔ میرے خیال میں اس کی انفارمیشن کسی اور وقت مہیا کر سکیں تو آپ کی نوازش ہوگی۔ جی جناب عبداللہ غازی صاحب!

جناب محمد عبداللہ غازی: میں پارلیمانی سیکرٹری سے پوچھوں گا کہ ضمن ۲ کے چوتھے نمبر پہ سمندری ایکس چینج میں ۵ سو لائنوں کا اضافہ رکھا گیا ہے۔ کیا یہ حقیقت ہے کہ ایک سال ہوا ہے۔ وہاں بلڈنگ بن چکی ہے اور وہاں کوئی ایکسٹینشن لائن پر وائنڈ نہیں کی گئی؟ اور یہ بتائیں گے کہ کب تک وہاں بلڈنگ میں مشینری آئے گی اور کب تک یہ ۵ سو لائنیں وہاں مہیا کی جائیں گی؟

جناب سپیکر: سمندری ایکس چینج کے بارے میں سوال ہے، جناب!

شہزادہ محی الدین: ہم نے عرض کیا ہے کہ یہ پروگرام موجودہ مالی سال کے لئے ہے اور اس سلسلے میں ہم اسی رواں مالی سال کے اندر کرنے کی کوشش کریں گے۔ البتہ میں یہ عرض کروں کہ ٹیلی فون کے متعلق اور ڈیجیٹل اینالاگ سوئچ سے متعلق ابھی گورنمنٹ نے فیصلہ نہیں

کیااس کا کیس منسٹری آف کمیونیکیشن نے گورنمنٹ کو بھیجا ہے اور اس کا فیصلہ ہونا بہت ضروری ہے۔ جونہی اس کا فیصلہ ہو جائے گا ہم اپنے پروگرام کے مطابق یہ کام کر سکیں گے۔

جناب محمد اکرم: کیا پارلیمانی سیکرٹری صاحب یہ بیان فرمائیں گے، اس سے پہلے میں نے یہی سوال کیا تھا تو اس میں یہ تفصیل دی گئی تھی کہ فیصل آباد، غلام آباد میں تقریباً ۲ ہزار لائن کی ایکس چینج دے دی جائے گی اور سمن آباد میں ۴ ہزار لائن کی جبکہ اس تفصیل میں اس کا ذکر نہیں ہے۔ کیا وہ منصوبہ ختم تو نہیں کر دیا گیا؟

شہزادہ محی الدین: جناب والا! اس سال کا جو پروگرام ہے۔ اس کی تفصیل دی گئی ہے اور جو اس تفصیل میں نہیں ہے وہ شاید اس میں شامل نہیں ہے۔

جناب محمد اکرم: اس وقت بھی اسی سال میں وہ منصوبہ ظاہر کیا گیا تھا۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں جواب آچکا ہے۔ جی اگلا سوال شاہ بلیغ الدین صاحب!

NATIONAL LIBRARIES

930. ***Shah Baleeghuddin :** Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) the total number and location of national libraries in the country and what is their annual budget ;

(b) as to how much money is spent on the purchase of books annually ; and

(c) the number of books, published in the country, which are received from the publishers and printing presses ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : (a) There is only one National Library namely, the National Library of Pakistan, located at Islamabad. Annual budget for the current financial year (1985-86) is Rs. 33.898 million.

(b) The Library spent an amount of Rs. 1.00 million on the purchase of books during 1984-85. There is a budget provision of Rs. 0.939 million for purchase of books during current financial year (*i.e.* 1985-86).

(c) The National Library receives one copy of each new publication from publishers in the country under the provisions of the Copyright Ordinance 1962. It received 1050 books during 1984 and 880 by the end of November, 1985. The Library does not receive any books from the Printing Presses.

شاہ بلیغ الدین: ڈپٹی سپیکر صاحب۔ میں جناب وزیر سے یہ معلوم کرنا چاہوں گا کہ کاپی رائٹ کا جو قانون ہے۔ اس کے تحت کتابیں وصول کر کے لائبریریوں کو بھیجنے کی ذمہ داری کس کی ہے؟

میاں محمد یسین خان وٹو: جناب: یہ ناشرین کی ہے۔ یہ جو پبلشرز ہوتے ہیں ان کی ذمہ داری ہوتی ہے اور وہ ہمیں اس کی ایک کاپی بھیجتے ہیں۔

شاہ بلیغ الدین: ضمنی سوال یہ ہے کہ جو تعداد کتب کی بتائی گئی ہے معلوم ہوتا ہے کہ ملک میں جو کتابیں چھپتی ہیں اس کے مقابلے میں بہت کم ہے یا تو یہ طریقہ کار مؤثر نہیں ہے اسے مؤثر بنانے کے بارے میں آپ غور کریں گے کیونکہ یہ بھی ایک قسم کا قومی نقصان ہے؟

میاں محمد یسین خان وٹو: جناب والا اس بات کا میں جائزہ لوں گا اور میں دیکھوں گا میری اطلاع کے مطابق جناب یہ ۱۰۵۰ کتابیں ۱۹۸۴ء میں ملی ہیں اور ۱۹۸۵ء نومبر تک ۸۸۰ کتابیں اگر کسی جگہ پر کوئی چیز فاضل ممبر کے نوٹس میں آئے کہیں کسی نے کوتاہی کی ہے ہم اس کے خلاف اقدام کریں گے لیکن میں اس کا جائزہ لوں گا کہ اس میں کسی قسم کی ایسی کارروائی نہ کرے کہ اس قانون کو دائلٹ کرے۔

میاں محمد زمان: کیا وزیر موصوف بیان فرمائیں گے کہ حکومت کے زیر غور کوئی ایسی سکیم ہے کہ اس قسم کی لائبریریاں جو صوبائی ہیڈ کوارٹر ہیں وہاں بھی قائم کی جائیں؟

میاں محمد یسین خان وٹو: جناب والا اس سلسلے میں اور بھی کئی سوال آ رہے ہیں۔ لائبریریوں کے طور پر تو ایسی لائبریریاں قائم کرنے کی سکیم نہیں ہے لیکن جو لائبریریاں قائم ہیں ان کے بارے میں آگے سوال آ رہے ہیں جس میں انہوں نے کوئی ایکسپرٹ کی کمیٹی بٹھائی تھی تجاویز پیش کی ہیں جو صوبائی حکومتوں کو بھیجی جا چکی ہیں اور ان کی رائے آنے کے بعد اس سلسلے میں اقدامات کئے جائیں گے تاہم فیڈرل حکومت لائبریریوں کے لئے کچھ رقم مہیا کرتی ہے جس میں فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے یہ عرض کروں کہ ٹاؤن کمیٹیوں کی لائبریریوں کو خاص طور پر اس بجٹ میں رقم مختص ہے۔ اگر وہ کوئی تجویز پیش فرمائیں تو اس سلسلے میں کیا جا سکتا ہے۔

بیگم شہوار مزاری: کیا وزیر موصوف بتائیں گے نیشنل لائبریریوں کے لئے کتابوں کے چناؤ کے لئے کوئی کمیٹی ہے؟

میاں محمد یسین خان وٹو! جناب والا میں اس سلسلے میں فریش نوٹس چاہوں گا

جناب سپیکر! جی فریش نوٹس جی۔ شاہ بلیغ الدین صاحب۔

شاہ بلیغ الدین: جناب یہ جو کتابوں کے خریدنے کے لئے نیشنل لائبریری کے لئے اس سال کی گرانٹ ہے۔ اس میں کمی کیوں کی گئی ہے۔ پچھلے سال کے مقابلے میں، حالانکہ ایک ملین کی یہ رقم بھی نیشنل لائبریری کے لئے دوسرے ممالک کے مقابلے میں بہت ہی کم، بہت ہی کم تر ہے۔

میاں محمد یسین خان وٹو: جناب والا بات یہ ہے کہ اس دفعہ بھی تقریباً ایک ملین ہی تھی۔ لیکن پھر میرے خیال میں وہ تین فیصد جو بجٹ میں کٹ لگی اس کی بنا پر یہ حساب ۳۹۳، ہو گئی ہے جناب یہ پریکٹیکلی ایک ملین ہی ہے اتنی زیادہ کم نہیں ہے۔

جناب سپیکر: اگلا سوال، جی مسز نثار فاطمہ زہرا!

OBSERVANCE OF PARDAH BY MUSLIM WOMEN

931. ***Mrs. Nisar Fatima Zahra** (put by **Mian Muhmmad Zaman**) Will the Minister for Education be pleased to state:

(a) whether the clear Verses of the Holy Quran for observing Pardah by Muslim women and its compliance by them are taught to the girl students in any text book; and

(b) what steps do Government intend to take in this regard?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo: (a) The message is conveyed to the girls students through a number of devices, *e.g.* the pictures of women are usually exhibited in Pardah in text books and stress is laid on instructions about Sharm-u-Haya- شرم و حیا

(b) The Ministry of Education has issued instructions that in all institutions under the control of Federal Government, girls from class IX upward will wear proper "Dupata" on head-covering and that all female staff in schools & colleges will be modestly dressed and will wear a 'Chadar' over their dress.

The recommendations of the Council of Islamic Ideology regarding Purdah and abstention from anti-Islamic activities have been circulated to the Provincial Governments.

Salary and Other Benefits (Per month)													
emen- Pay	Dearness Allowance	Add : Dearness Allowance	S.C.A.	Accommodation	Entertain- ment	Tech. Allowance	Kit Allowance	Medical Allowance	Staff Subsidy	Conveyance	Telephone	Pension Gratuity	Leave
7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
nissible in the Ministry of Communication													
rd not available.													
—	—	—	—	Free furnished accommodation	Rs. 250	—	Rs. 50	Free medical treatment for self & family.	—	Chaufer Driver Car	Free at residence.	As admissible under Defence rules.	As admissible under Defence rules.
lmissible in the Ministry of Defence.													
d not available.													
rd not available.													
nissible in the Ministry of Defence.													
d not available.													
d not available.													
–	—	—	—	—	Rs. 292.50	—	—	— Free medical treatment for self & family	—	Chaufer Driver Car	Free at residence	—	—
–	Rs. 150	Rs. 25	–	—	Rs. 700	—	—	Do	--	Do	Do	—	—
–	Rs. 150	Rs. 25	—	—	Rs. 241	—	—	Do	—	Do.	Do.	As admissible under Defence rules	As admissible under Defence rules.
–	Rs. 150	Rs. 25			Rs. 700	—	—	Do		Do	Do	—	—
—	Rs. 175	—		Free furnished accommodation	Rs. 750	—	—	Do.	--	Do.	Do	As admissible under Defence rules	As admissible under Defence rules
—	Rs. 300	—	Rs. 1,155	Do	Rs. 750	Rs. 500	—	Rs. 300	Rs. 700	Do	Do	D	Do

میاں محمد زمان : ضمنی سوال۔ کیا وزیر موصوف یہ بیان فرمائیں گے کہ مخلوط تعلیم کا سلسلہ جو بعض یونیورسٹیوں اور کالجوں کے اندر رائج کیا گیا ہے وہ ان آیات قرآنی کی نفی نہیں کرتا؟

جناب سپیکر : جی آنریبل منسٹر صاحب!

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب یہ بڑا مشکل فقہی مسئلہ ہے میں اس ضمن میں عرض کروں گا کہ شاید ضمنی سوال کی حیثیت سے اس کا جواب دینا مشکل ہوگا۔ بہرحال علماء کی رائے اس صورت میں لی جا سکتی ہے لیکن جہاں تک حکومت کا تعلق ہے آپ کے علم میں ہے کہ خواتین کی یونیورسٹی بھی بنائی جا رہی ہے اور اس سلسلے میں جو مناسب اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ حکومت کی طرف سے علیحدہ کالجز اور علیحدہ یونیورسٹیز موجود ہیں اگر کسی جگہ پر مخلوط تعلیم کا معاملہ ہے تو مجھے امید ہے کہ مناسب وقت پر اس سلسلے میں بھی مناسب کاروائی کی جائے گی۔

ملک حاجی غیال شاہ : جناب سپیکر! کیا وزیر موصوف یہ ارشاد فرمائیں گے کہ صوبہ سرحد اور ناٹا کے علاقہ میں جس طرح پردہ کی پابندی کی جاتی ہے کیا ملک کے دوسرے حصوں میں کالجوں اور سکولوں میں پردہ کی پابندی کرانے کے لئے کوئی مزید ہدایات جاری کی جائیں گی؟

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب والا! میں نے عرض کیا کہ جواب میں واضح طور پر درج ہے کہ اس سلسلے میں واضح طور پر ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ خواتین جہاں بھی جائیں وہ دوپٹے کے علاوہ چادر بھی اپنے سر پر لیں اور حتی الوسع یا جس طرح جواب میں واضح طور پر عرض کر دیا گیا ہے، شرم و حیا کے بارے میں جو اسلامی روایات ہیں، جو ارشادات ہیں، جو ہدایات ہیں ان کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ ساری چیزیں کی جا رہی ہیں۔

جناب فضل رزاق : جناب! اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات جو ہیں وہ وفاقی حکومت کو بھیج دی گئی ہیں وہ کیا سفارشات ہیں؟

میاں محمد یسین خان وٹو : وہ حکومت کے پاس آئی ہیں اور وہ ہمارے پاس بھی ہیں اور صوبائی حکومتوں کو بھی بھیج دی ہیں۔

جناب سپیکر : اگلا سوال، جناب شاہ بلیغ الدین صاحب!

RECOMMENDATIONS OF CABINET COMMITTEE ON LIBRARIES

932. ***Shah Baleeghuddin:** Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) whether any action has been taken on the recommendations of the Cabinet Committee on libraries which was constructed in 1981 ;

(b) why was the Five Year Plan, presented by the Technical Working Group in May, 1984 for Public Libraries, was discontinued, though funds have been provided for this purpose in the current Five Year Plan ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo: (a) The recommedations of the Cabinet Committee in respect of the development of National Library is being implemented. The Scheme has since been revised and approved by ECNEC in September, 1985. The building is nearing completion and is expected to be operational in 1986.

In response to the other major recommendation Ministry has appointed a Group of Technical Experts drawn from all the Provinces of the Country. The Group completed its work in 1983 and submitted its Report in May, 1984 which has been referred to the Provincial Governments for their views and comments.

(b) The Five Year Plan presented by the Technical Working Group has not been discontinued. The Plan has to be concurred in by the Provincial Governments.

شاہ بلیغ الدین: ضمنی سوال یہ ہے کہ جو کابینہ کمیٹی برائے لائبریریز بنائی گئی تھی اس کے بارے میں آپ نے لکھا ہے کہ ۱۹۸۵ء ستمبر میں اس پر نظرثانی کی گئی ۔ یہ سفارشات آپ کو پیش کب ہوئی تھیں اور اتنی تاخیر سے ان پر غور کیوں کیا گیا ؟

میاں محمد یسین خان وٹو: جناب ! اس سلسلے میں کوئی تاخیر نہیں کی گئی۔ ان پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے ۔ یہ ٹیکنیکل گروپ جو ہے یہ اسی کابینہ کی کمیٹی کی سفارشات کے تحت بنایا گیا تھا جس نے اپنا کام مکمل کر لیا ہے اور صوبائی حکومتوں کو تجاویز بھیج دی گئی ہیں اور ان کی رائے کا انتظار ہے ۔

شاہ بلیغ الدین: ضمنی سوال یہ ہے کہ صوبائی حکومتوں کو جو تجاویز بھیجی گئی ہیں تو کوئی ٹارگٹ مقرر کیا گیا ہے کہ اتنے دنوں میں ان کی رائے واپس آ جائے ؟

میاں محمد یسین خان وٹو: جناب والا ٹارگٹ تو نہیں مقرر کیا گیا لیکن ہم دوبارہ یاد دہانی انہیں کرا دیں گے ۔ آخر ہر جگہ غور کرنے میں مناسب وقت لگتا ہے ۔

جناب سپیکر : اگلا سوال، شاہ بلیغ الدین صاحب !

TECHNICAL GROUP FOR SURVEY OF PUBLIC LIBRARIES

933. *Shah Baleeghuddin: Will the Minister for Education be pleased to state:

(a) the names of members of the Technical Group, constituted in September, 1982 to conduct a survey of the public libraries;

(b) what was the scope of the Group mentioned in (a) above, and the total expenditure incurred by the Federal Ministry of Education on it; and

(c) the period the Group took to finalize its report and the improvement brought about in the library system in the country as a result thereof?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo: (a) Names of the members of the Technical Working Group

1. Dr Anis Khurshid, Professor and Chairman, Department of Library and Information Science, University of Karachi. *Chairman.*

2. Mr. A.R. Butt, Assistant Professor, Department of Library Science, University of Sind .. .. *Member*

3. Mr. Mushtaq Ahmad, Assistant Professor Department of Library Science, University of the Punjab .. .. *Member*

4. Mir Hassan Jamali, Assistant Librarian University of Baluchistan, Quetta .. .. *Member*

5. Mr. Sain Muhammad Malik Secretary General, Pakistan Library Association Headquarters Peshawar .. .. *Member.*

5. Mr. Tariq Mansoor Jalali, Director of Archives, Government of N.W.F.P., Peshawar .. .. .. *Member.*

7. Mr. A.H. Akhtar, Director, Department of Libraries, Ministry of Education, Islamabad .. .. .. *Member/ Secretary.*

(b) The scope of the Group is indicated by the terms of reference given to it as under:—

(i) To survey and assess the existing public library facilities in Pakistan.

(ii) To consider and propose the design and size of a national system of public libraries in Pakistan at Provincial, Divisional, District and Tehsil level.

(iii) To make critical evalution of the existing resources and recommend measures for qualitative development of an efficient infrastructure to support the system.

(iv) To collect and compile the statistical data and also consider the "Key" and "Donovan" reports in this respect.

(v) To prepare a Five Year Plan for development of public library system in the country and fix priorities so that, if necessary the programme may be further phased out.

(vi) To recommend measures for the proper and attractive career planning for the library staff for the training of librarians and supporting staff at various levels.

(vii) Any other matter concerned with the above terms of reference.

The Federal Ministry of Education incurred an expenditure of Rs. 442,000/- on Technical Working Group.

(e) The group took above a year to finalize its report. The report has been sent to the Provincial Governments for their views and comments.

شاہ بلیغ الدین: جناب والا میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ یہاں آپ نے اعداد و شمار جمع کرنا بھی لکھا ہے تو آپ پبلک لائبریریوں کے اعداد و شمار بتا سکتے ہیں کہ اس وقت ملک میں پبلک لائبریریاں کتنی ہیں اور "پبلک لائبریری" کی آپ کے پاس تعریف کیا ہے؟

جناب سپیکر: پبلک لائبریریوں کی تعداد کتنی ہے جی؟

میاں محمد یاسین خان وٹو: اگر جناب فاضل ممبر صاحب زحمت فرمائیں تو وہ مجھے سوال دوبارہ عنایت فرما دیں تو میں ان کی تعداد بھی معلوم کر کے بتا دوں گا۔

جناب سپیکر: انہوں نے تعداد پوچھی ہے، حضورا

میاں محمد یاسین خان وٹو: یہ تو جناب والا! ٹیکنیکل گروپ کے بارے میں سوال کیا گیا تھا اگر یہ تعداد چاہتے ہیں تو اس کے لئے فریش نوٹس دے دیں۔

جناب سپیکر: فریش نوٹس چاہیئے۔ اگلا سوال: جناب حاجی محمد یونس الٰہی صاحب!

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

LEASE OF LAND TO MILITARY OFFICERS IN DEFENCE COLONIES

934. ***Haji Muhammad Unis Elahi** : Will the Minister Incharge of the Defence Division be pleased to state :

(a) whether it is a fact that in the Defence colonies, being constructed by the Defence Ministry, and in those which already exist, land is leased to the military officers at the rate of Rs. 65 per kanal per year, while civilians are leased the same land @ Rs. 3200 per kanal per year, if so, the reasons for the said difference ; and

(b) whether it is a fact that, under the instructions issued in 1980, a residential accommodation having more than two storeys is considered to be commercial 2, for which Rs. 30,000 as ground rent and Rs. three lacs are charged as premium ; if so, why ?

Sahabzada Yaqub Khan : (a) No.

(b) The lessees/grantees of residential properties desiring to convert their residential properties to commercial I or II are required to pay conversion charges at the following rates for the year 1985 :—

		Rs. p.s.m.
1.	Karachi	3,484
2.	Rawalpindi, Lahore, Peshawar and Hyderabad	872
3.	Multan and Quetta	747
4.	Other Cantts.	242

حاجی محمد یونس الہٰی : جناب اسپیکر! میں اپنے اس سوال کے حصہ (ا ے) کے بارے میں جاننا چاہوں گا۔ جناب پارلیمانی سیکرٹری صاحب سے کہ انہوں نے جواب دیا ہے "NO" کیا میں یہ presume کروں کہ "NO" کا مطلب یہ ہے کہ اس قسم کے کوئی چارجز نہیں لئے جاتے ؟ یا کوئی چیپسٹ چارجز ہیں ؟ اس کے بارے میں وہ کوئی ارشاد فرمائیں گے ؟

لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) ڈبلیو ہربرٹ بلوشح : جناب والا! جو آنریبل ممبر نے سوال کیا وہ بالکل ٹھیک ہے یہ حقیقت تو ہے کہ ڈیفنس کالونیاں بنائی جارہی ہیں اور کوئی ASSESSED رقم دی جاتی ہے لیکن جو اس میں انہوں نے اپنا بیان دیا ہے کہ یہ ۶۵ روپے

اور ۳۲۰۰ روپے اور تیس ہزار روپے اور تین لاکھ روپے ہیں بڑی معذرت کے ساتھ کہتا ہوں کہ یہ چارجز فگرز incorrect ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ کسی بھی کیٹگری person کو دی جائے وہ ساٹھ روپے فی مربع گز کے حساب سے مقرر ہے اور کسی قسم کا ریٹ ان سے نہیں لیا جاتا۔

جناب سپیکر: ساٹھ روپے فی مربع گز؟

لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) ڈبلیو ہربرٹ بلوچ: ساٹھ روپے فی مربع گز لیا جاتا ہے۔

حاجی محمد یونس الٰہی: جناب والا! میرے پاس پروف ہے۔ یہ ٹھیک کہتے ہیں اس حد تک کہ ساٹھ روپے فی مربع گز آرمی والوں سے لیا جاتا ہے۔ لیکن جب وہ پلاٹ کسی سویلین کو ٹرانسفر ہو جاتا ہے تو یہ جو میں نے فگرز دیئے ہیں، میرے پاس پروف ہے، یہ فگرز وہ ہیں کہ ۶۰ یا ۶۵ کی بجائے ۳۲۰۰ لیا ہے، اور تیس ہزار اور تین لاکھ۔

لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) ڈبلیو ہربرٹ بلوچ: جناب والا! یہ جو کہہ رہے ہیں یہ اس کا دوسرا پہلو ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ۱۸۹۹ء کا جو گورنر جنرل کا حکم تھا، یا ۱۹۱۲ء کا تھا، جو پاکستان کا قانون ہے اس کے ماتحت یہ پلاٹس جو دیئے جاتے ہیں محض رہائشی مقاصد کے لئے دیئے جاتے ہیں، اور رہائشی مقاصد کے علاوہ ۹۹ کولیٹر پر دیئے جاتے ہیں، ۹۹ سال کی لیز پر دیئے جاتے ہیں، اور یہ بھی شرط ہوتی ہے کہ اگر حکومت کو ضرورت پڑے تو تیس دن کے نوٹس پر اس کو resume کر سکے لیکن اس الاٹمنٹ کو اگر کسی دوسرے پہلو سے یعنی کمرشل مقاصد کے لئے استعمال کرے تو اس کے کنورشن چارجز الگ ہیں اور وہ کنورشن چارجز جو مارکیٹ ریٹ ہے جو ۱۹۸۰ء سے لیا گیا ہے، اس پر منحصر ہے، اور وہ مارکیٹ ریٹ جو ۱۹۸۰ء میں لے گئے تھے۔ وہ کراچی میں چودہ سو روپے فی مربع میٹر تھے، اور بیس فیصد بڑھنے سے ابھی ہیں کراچی میں ۳۴۸۴ روپے کی مربع میٹر علاوہ پشاور، حیدرآباد اور راولپنڈی میں ہیں ۸۷۲ روپے فی مربع میٹر اور ملتان ۷۴۷ روپے فی مربع میٹر۔

جناب سپیکر: وہ تو جواب میں دیا ہوا ہے جناب حاجی محمد یونس الٰہی صاحب!

حاجی محمد یونس الٰہی: جناب والا! میں آپ کی وساطت سے جناب پارلیمانی سیکرٹری صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ اس ہاؤس میں یقین دہانی کرا دیں گے کہ اگر ان کمرشل ہو رہی ریذیڈنشل ہو۔

اور وہ سویلین ہو تو چارجز وہی ہوں گے جو آپ فرما رہے ہیں ؟

لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ ڈبلیو ہاربرٹ بلوچ : جناب والا ! یہاں میری پرسنل یقین دھانی سی کوئی بات نہیں ہے قانون صاف ہے جو میں نے یہاں بتلا دیا ہے کہ خواہ سویلین ہو سویلین کا یہاں مطلب یہ ہے کہ ڈیفنس سروسز جن کو پے منٹ کیجاتی ہے یا نیوی کے ہوں یا ائرفورس کے ہوں یا آرمی کے ہوں ان کا ریٹ ہے ۸ روپے فی مربع گز ۔ اور اس کے علاوہ اور کوئی نہیں ہے ۔

جناب سپیکر : شکریہ ۔ جناب راجہ شاہد ظفر صاحب !

راجہ شاہد ظفر : کیا میں محترم پارلیمانی سیکرٹری صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ کنٹونمنٹ ایریا میں کنٹونمنٹ ایکٹ کے تحت جو ۱۹۲۴ء میں بنایا گیا تھا یہ پالیسی بنی ہوئی ہے ! ہندوستان میں آزادی کے فوراً بعد کنٹونمنٹ ایکٹ ختم کر دیا گیا تھا کیا اس ملک میں کنٹونمنٹ ایکٹ ختم کرنے کا کوئی ارادہ ہے یا نہیں ہے ؟ کیا حکومت اس ملک میں سے بھی کنٹونمنٹ ایکٹ ختم کرنے کا کوئی ارادہ رکھتی ہے یا نہیں ؟

لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) ڈبلیو ہربرٹ بلوچ : جناب والا ! analysis کے لئے مجھے یقینی فریش نوٹس کی ضرورت ہے ۔

جناب سپیکر : فریش نوٹس جی ۔ اگلا سوال جناب بریگیڈیئر افتخار بشیر صاحب !

NON-MANUFACTURE OF 12 GAUGE SHOT GUN BY WAH ORDINANCE FACTORIES

935. ***Brig. (Retd.) Iftikhar-i-Bashir** : Will the Minister Incharge of the Defence Division be pleased to state as to why are the Pakistan Ordnance Factories not manufacturing 12 Gauge Shot Guns, despite good facilities for the same ?

Sahabzada Yaqub Khan : Pakistan Ordnance Factroies have been set up primarily to produce arms and ammunitions for the Armed Forces. Production of 12 Gauge Shót Guns, which is required for the civil market, can only be undertaken after carefully checking the economic viability This should preferably be undertaken either by public organizations like Wah Industries Ltd., or in the Private sector.

بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) افتخار بشیر : جناب والا ! میں آپ کی وساطت سے پارلیمانی سیکرٹری صاحب

کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مارکیٹ میں جو اس وقت بارہ بور کی بندوقیں آ رہی ہیں ان کا سٹینڈرڈ بہت کمزور ہے اور قیمتیں بھی بہت زیادہ ہیں اور لائسنس جیسے دھڑا دھڑ ایشو ہو رہے ہیں اس کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا آپ واہ انڈسٹری کو کہہ سکتے ہیں کہ وہ بارہ بور کی بندوقیں بنانا شروع کرے؟

لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) ڈبلیو ہربرٹ بلوچ :- جناب والا! حقیقت تو یہ ہے کہ واہ فیکٹری جو ہے یہ expressly اور primarily فوج کے آرمز اینڈ ایمونیشن کے لئے بنائی گئی تھی۔ اور کسی دوسرے انٹرپرائز پر فی الحال وہ بھی ان کے پاس سپیئر کیپیسٹی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ قومی نقطۂ نظر سے یہ حق پرائیویٹ سیکٹر کا بنتا ہے کہ اس کو بنائیں ان کا یہ حق اور فرض بنتا ہے اور منسٹری آف انڈسٹری اور منسٹری آف پروڈکشن اس میں شامل ہیں اگر وہ بنانا چاہتے ہیں تو یہ بنائیں لیکن آرمی کو دینا اس سلسلہ میں مناسب نہ ہوگا۔

راجہ شاہد ظفر :- جناب والا! جیسے محترم پارلیمانی سیکرٹری صاحب نے فرمایا کہ صرف فوجی مقاصد کے لئے یہاں اسلحہ بنتا ہے کیا بارہ بور کے کارتوس فوجی مقاصد کے لئے استعمال ہوتے ہیں؟

لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) ڈبلیو ہربرٹ بلوچ :- جناب والا! یہ بہت ہی اچھا سوال ہے حقیقت یہ ہے کہ بارہ بور کے ایکسپلوزو تو ویسے بھی ہم بناتے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ بارہ بور کا ایکسپلوزو جو ہے اس کا پرائمری ایکسپلوزو ہے اس کے کارتوس بنا لیتے ہیں دوسری بات یہ ہے کہ ان کی ضرورت کمرشل مقاصد کے لئے نہیں ہے وہ مارکیٹ میں آ جائے یہ دوسری بات ہے لیکن پہلے اسے ایلفا نے ہم سے ڈیمانڈ کیا تھا۔ اور اس کے لئے یہ بنائے جاتے تھے۔

NON-PARTY ELECTIONS AND PARTY SYSTEM OF GOVERNMENT

راجہ محمد افسر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں قومی اسمبلی میں قاعدہ 44 کے تحت قومی سلامتی اور طریقہ کار کے مجروح ہونے پر اس اہم ترین مسئلے پر اپنی تحریک استحقاق کو زیر بحث لانے کی درخواست کرتا ہوں

مسئلہ یہ ہے کہ ۲۵ فروری ۱۹۸۵ء کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اسلامی نظریاتی کونسل نے جون ۱۹۸۳ء میں حکومت پاکستان کو جو اسلامی نظام حکومت کے بارے میں رپورٹ پیش کی تھی۔ اس کے تابع یہ عام انتخابات سیاسی پارٹیوں کی بجائے ذاتی اہلیت و کردار کی بنیاد پر منعقد کرائے گئے۔ جس کے نتیجہ میں صوبائی اور قومی اسمبلیاں تشکیل پائیں ان انتخابات کے موقع پر ملک بھر کی سیاسی جماعتوں نے صرف ان کا بائیکاٹ ہی نہیں کیا۔ بلکہ اس نظریہ کے خلاف ذاتی اور اجتماعی حیثیت سے بھی اور ملک بھر کے ذرائع ابلاغ کے تعاون سے بھی عوام کو مغربی طرز جمہوریت کے خلاف ووٹ کے استعمال کو روکا مگر پاکستان کے عوام نے قرآن کریم کی ہدایات کے مطابق "وَاَمْرُھُمْ شُوریٰ بینھم" کے اصول کے تحت اس اسلامی سلطنت میں شورائی نظام کے حق میں اپنا فیصلہ دیا۔ اور سیاسی جماعتوں کی اپیل کو سختی سے مسترد کر دیا۔

مگر نو ماہ بعد اس غیر جماعتی ایوان کو حکومت اپنی مصنوعی شان و شوکت اور اپنی ہوس اقتدار کی آگ کو ٹھنڈا کرنے اور دوام بخشنے کے لئے پھر سے اس ایوان اور نو کروڑ شہریوں کے استحقاق کو مجروح کر کے گروہی سیاست کا شکار بنانا چاہتی ہے جس کے نتیجہ میں قوم میں اضطرابی حالت پیدا ہو چکی ہے اور ملکی سالمیت کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے اگر حکومت ان دونوں متذکرہ نظاموں میں بدقسمتی سے ابھی صاف نہیں تو بجائے اس کے قوم کے ٹھکرائے ہوئے نظام کو پھر سے ان پر مسلط کرے، فوری طور پر قوم سے استصواب رائے ریفرنڈم کے ذریعہ نظام حکومت کے بارے میں فیصلہ لے اس عمل کے بغیر کرسی اقتدار کے لئے عجلت سے کوئی رائے یا فیصلہ ٹھونسا گیا تو اس کے نتائج نہایت بھیانک ہو سکتے ہیں جب کہ ہمارے ملک کے اردگرد کے حالات پہلے ہی مخدوش ہیں ان حالات کے پیش نظر من حیث القوم اور ایوان کے استحقاق کو مد نظر رکھ کر ان ترجیحات کو روک کر قوم سے ریفرنڈم کے بارے میں ایوان میں فوری بحث کرائی جائے۔

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر فار جسٹس اینڈ پارلیمنٹری آفیئرز

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! اس ساری کی ساری تحریک استحقاق میں جو معزز رکن نے یہاں پیش کی ہے اس معزز ایوان کے استحقاق کے مجروح ہونے والی کوئی بات نظر تو اس میں آئی ہی نہیں پھر بھی رول ۸۶ کے تحت!

"the question shall relate to a specific matter and shall be raised at the earliest opportunity;

اب جناب والا یہ جہاں تک مسئلہ ہے گزشتہ چھ سات ماہ سے اسمبلی اپنا کام کر رہی ہے اس دوران آٹھواں ترمیمی بل بھی پاس ہوا ہے سیاسی جماعتوں کا ترمیمی بل بھی اس ایوان کے سامنے پیش ہے اس لئے مجھے اس بات کی سمجھ نہیں آئی۔ کہ کیسے یہ استحقاق مجروح ہو گیا ہے اور پھر اس میں انہوں نے مطالبہ بھی کیا ہے کہ اس کو روک کر قوم سے ریفرنڈم کے بارے میں ایوان میں بحث کرائی جائے۔ اب ریفرنڈم کی کوئی باضابطہ تجویز تو آئی ہی نہیں اگر آئی ہے تو اس کا طریقہ کچھ اور ہے جس کے ذریعے سے یہ پیش کر سکتے ہیں اس لئے یہ تحریک استحقاق inadmissible ہے اور رول ۸۶ کے دائرہ کار میں نہیں آتی اس کو رول آؤٹ کیا جائے

جناب سپیکر: جناب راجہ محمد افسر صاحب!

راجہ محمد افسر: جناب سپیکر! اس ایوان کو نہیں بلکہ پوری قوم کو علم ہے کہ ہمارے اس ملک کے موجودہ وزیر اعظم کو ان کی ذاتی اہلیت اور کردار کی بنیاد پر منتخب کیا گیا ہے ان کو کسی پارٹی کے رکن کی حیثیت سے منتخب نہیں کیا گیا اگر مسلم لیگ کے ممبر ہونے کی حیثیت سے وہ سامنے آتے تو یقیناً حالات اس کے برعکس ہوتے ان کو اور ان کے چند ارکان کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ اس ملک پر اپنی پارٹی کی حکومت مسلط کریں جب کہ اس ملک کے عوام نے بھاری تعداد میں غیر سیاسی جماعتوں پر غیر جماعتی بنیاد پر انتخابات میں حصہ لیا آٹھ سال تک جماعتی بنیادوں پر الیکشن کرانے پر زور دینے کے باوجود عوام نے اس نظام کو مسترد کیا اب عوام میں بڑا اضطراب پایا جاتا ہے۔ اگر اس قسم کا کوئی نظام اس پارٹی سسٹم کا لایا جائے تو عوام سڑکوں پر نکلیں گے۔ اس ملک کے جو حالات آپ کے سامنے ہیں اس سے شدید تباہی کے حالات پیدا ہو رہے ہیں

میں آپ کے توسط سے اس حکومت کو تنبیہ کرتا ہوں کہ اس قسم کی حرکت سے آپ باز آجائیں اس قسم کے کسی سیاسی پارٹیوں کے نظام سے اپنی حکومت کو اس کام پر مسلط نہ کریں ورنہ ہم چونکہ غیر جماعتی بنیادوں پر منتخب ہو کر آئے ہیں۔ ہم مجبور ہوں گے کہ عوام کا ساتھ دیں اور آپ کے اس اقدام کی ہم بھی مخالفت کرنے کے لئے مجبور ہو جائیں گے یہ آپ کی پارٹی جو میرا خیال ہے اگر باہر نکلے گی تو یہ سکہ بند پارٹی ہے ان کے اراکین سے ایک سوزوکی کی سواریاں پوری نہیں ہو سکتیں تو یہ کون سی جمہوریت ہے کہ وہ اس ملک پر حکومت کرنا چاہتے ہیں؟ یہ بالکل غیر مناسب اقدام ہوگا غیر جمہوری اقدام ہوگا۔ اس نظام سے ملک میں شدید خطرات پیدا ہو سکتے ہیں ازراہ کرم اس اقدام کو روکا جائے پوری قوم کے فیصلے کو ٹھکرایا جا رہا ہے اور عوام کا استحقاق مجروح کیا جا رہا ہے۔

وزیر قانون کیسے فرماتے ہیں کہ ایوان کا استحقاق مجروح نہیں ہوا! آپ کی بھاری اکثریت نے آپ کی اس مغربی جمہوریت کے خلاف ووٹ دیا ہے اور پھر قرآن کریم کی ہدایت کے آپ الٹ کام کر رہے ہیں۔ اسلامی حکومت کے نام پر یہ ملک قائم ہوا ہے اسلام کے نام پر یہ ملک قائم ہوا ہے اور قرآن نے واضح طور پر یہ ہدایت کی ہوئی ہے کہ اسلام میں پارٹی، فرقہ، گروہ بندی کی قطعی کوئی گنجائش نہیں اور اس کے متعلق اسلامی نظریاتی کونسل نے واضح طور پر اپنی رپورٹ پیش کر دی ہے میں نہیں سمجھتا کہ آپ اس نظام کے پیچھے کیوں پڑے ہوئے ہیں؟ جو آپ کا ۳۸ سالہ کردار رہا ہے سیاسی پارٹیوں کا حقیقت یہ ہے کہ آپ کو چلو بھر پانی میں ڈوب کر مر جانا چاہیئے۔

<u>جناب سپیکر</u>: آپ اس تحریک کو پریس کرتے ہیں یا نہیں؟

<u>راجہ محمد افضل</u>: جی میں اس کو پریس کرتا ہوں۔ جناب! یہ اسلام اور قرآن کے خلاف ہے اس لئے میں پریس کرتا ہوں کوئی ہے اس کو چیلنج کرنے والا تو سامنے آئے۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ جو آپ کا پریویلج موشن ہے جی کہ ایک نان پارٹی ہاؤس کو پارٹی ہاؤس بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے اور this is tantamount to breach of privilege

RE-ADJOURNMENT MOTIONS

In accordance with the rules for admissibility of a question of privilege, it does not come within the purview of the breach of privilege and does not require, as such, the intervention of the Assembly. I do not hold the privilege motion in order.

اب پریولیج موشن ہمارے پاس پانچ یا چھ تقریباً ایک ہی نوعیت کے ہیں ان کے الفاظ تھوڑے سے مختلف ہیں ان کو بھی آج ہی ٹیک اپ کر لیں۔ آنریبل منسٹر فار جسٹس! آپ تیار ہیں جی؟

جناب اقبال احمد خان: ابھی جناب یہ ملے ہیں اس لئے اگر آپ کا حکم ہو تو میں عرض کر دوں گا، نہیں تو کل پر رکھ لیں۔

جناب سپیکر: جی وہ پوچھ رہے ہیں کہ آج ہی ملے ہیں اگر ان کو کل تک ڈیفر کر دیا جائے تو؟ آج اس کو ٹیک اپ کریں یا کل کریں؟

شاہ بلیغ الدین: اگر آپ اس کو کل لینا چاہیں تو کوئی اختلاف نہیں!

جناب سپیکر: اس کے بعد ایک حاجی سیف اللہ صاحب کا ہے نمبر ۴۷ اس کو آپ آج ٹیک اپ کریں گے؟ کیا آنریبل منسٹر فار جسٹس تیار ہیں؟

جناب اقبال احمد خان: میری گزارش ہوگی کہ اس کو بھی کل پر رکھ لیں کیونکہ اس میں بھی کچھ لیگل ایشوز اٹھائے ہوئے ہیں۔

جناب سپیکر: اس کو بھی کل تک ڈیفر کرتے ہیں

Again relating to the Constitutional provisions or Articles of the Constitution,

ابھی تین اور ملے ہیں۔ میرا خیال ہے ان کو بھی کل تک ڈیفر کرتے ہیں پریولیج موشنز کی بھی بہت تعداد بڑھتی جا رہی ہے جی ماشاءاللہ

READJOURNMENT MOTIONS

جناب سپیکر: ایڈجرنمنٹ موشنز کا ٹائم ہے ایڈجرنمنٹ موشن کے بارے میں میں نے پہلے دو تین مرتبہ یہ کہا تھا کہ ہمارے رولز آف پروسیجر ہیں۔ قومی اسمبلی کے ان کے تحت آپ نے دیکھا

ہوگا کہ ایڈجرنمنٹ موشنز اَب بے شمار آنا شروع ہو گئے ہیں ۔ یہاں تک کہ ہمارے دفتر میں کل تک تقریباً سات سو ایڈجرنمنٹ موشنز اس سیشن میں آ چکے ہیں ویسے تو سیشن بہت لمبا ہے لیکن یہ تعداد جو ہے یہ ایڈجرنمنٹ موشنز نہیں ، جو بھی کہیں کوئی واقعہ ہوتا ہے اس کو بطور ایک تراشہ کے کر اخبار کا ، وہ ایڈجرنمنٹ موشن یہاں پیش کر دیا جاتا ہے ۔ آپ نے دیکھا ہو گا کہ بیشتر آپ کے ایڈجرنمنٹ موشن ہوتے ہیں ۔ جن کو آپ یہاں آ کر ہاؤس میں پیش کرتے ہیں اور پھر جب آپ دیکھتے ہیں کہ ٹیکنیکلی یہ ایڈمٹ نہیں ہو سکتا تو اس کو پھر آپ پریس نہیں کرتے ۔

اب میں سمجھتا ہوں کہ کچھ حد تک ہمیں دو چیزیں کرنی چاہئیں ۔ ایک تو جو پروسیجر یا رولز آف بزنس ہیں ہمارے ہاؤس کے میری درخواست آنریبل منسٹر سے بھی ہے کمیٹی سے بھی ہے اور ایوان سے بھی ہے کہ جو Call Attention Notice کا طریقہ کار ہے وہ ہم جلد از جلد اپنانے کی کوشش کریں نمبر دو یہ ہے کہ اب کل یا پرسوں سے باقی ہمارے ایڈجرنمنٹ موشنز جو پڑے ہیں ۔ ان میں میں دیکھ لوں گا کہ جن کی کچھ حد تک نوعیت بنتی ہے ان کو میں ہاؤس میں read کرنے دوں گا باقی جو ایسے میں سمجھتا ہوں کہ blatantly infructuous ہیں یا جو purview کے تحت بالکل ہی نہیں آتے تو ان کو میں اپنے discretion کے تحت جو سپیکر کا ہوتا ہے اس کے تحت آپ کو باقاعدہ لکھ کر بھیج دیں گے ۔ کہ فلاں رول کے تحت ہم ان کو یہاں نہیں پیش ہونے دیں گے میری آپ سے التماس ہے کہ آپ بھی رولز کے تحت اس ہاؤس کو چلانے کی کوشش کریں ۔

جہاں تک ایڈمسیبلٹی آف ایڈجرنمنٹ موشن کا تعلق ہے میں اگلے روز دیکھ رہا تھا ہاؤس آف کامنز میں بھی ۱۹۸۳ء کے کچھ سیشنز میں ۱۶ ایڈجرنمنٹ موشن پیش ہوئے تھے اور ان میں صرف ایک ایڈمٹ ہوا تھا ۔ تو تحریک التوا کو ایڈمٹ کروانا ایک بہت کاریگری کا کام ہے اور یہ بہت مشکل طریقے سے in accordance with rules of business ہی ایڈمٹ ہوتے تو ہمارے ہاں بھی چونکہ ہم ایک پارلیمنٹ چلانے کی کوشش کر رہے ہیں ، میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی وساطت سے کافی حد تک یہ پارلیمنٹ کامیابی سے چل رہی ہے ، تو ہم اسے اس طریقے سے چلانے کی کوشش کریں کہ ہمارے رولز اور قواعد کا اپنا ایک معیار ہو ،

RE-RULES OF PROCEDURE

میری آپ سے استدعا ہوگی کہ جب ہم آپ کو لکھ کر بھجیں ـــ یقیناً ہم ہر وقت آپ سے وضاحت کرنے کے لئے تیار ہیں اور آپ کے ساتھ بیٹھ کر ڈسکس کرنے کیلئے بھی تیار رہیں ۔ بلکہ آپ کے ساتھ بیٹھ کر ڈسکس کریں گے کہ اس قاعدہ کے تحت تحریک ہوس میں آنی بھی چاہئے یا نہیں تو اگلے دو تین روز کے بعد جب ہیں سیکرٹریٹ کے صاحبان بیٹھ کر یہ دیکھیں گے تو پھر ہم آپ کو دعوت بھی دیں گے ۔ اگر آپ ہمارے ساتھ اس پر بحث کرنا چاہیں ۔

یہ جو ہم نے طریقہ اپنایا ہوا ہے کہ جو بھی آپ سمجھتے ہیں تراشہ اٹھا کر ایڈجرنمنٹ موشن درج کر دیا اس کا نتیجہ یہ ہو رہا ہے کہ اب یہاں سات سو تحاریک التواء ہیں اور اس وقت ہم ۳۷۰ سے شروع ہو کر آگے چل رہے ہیں جس کی کوئی ارجنسی ہوتی ہے of recent accurrence اس کی نا پھر validity رہتی ہے نہ ارجنسی رہتی ہے جب ہم اس کو پچیس یا تیس دن کے بعد یہاں پیش کرتے ہیں

آپ کی اگر اجازت ہو تو یہ طریقہ جو میں نے آج ایکسپلین کیا ہے اس کے مطابق ہم تحاریک التواء کو آئندہ سے دیکھیں گے مگر آج میں سابقہ طریق کار کے تحت ہی ٹیک اپ کر دوں گا ۔

Re: RULES OF PROCEDURE

حاجی محمد سیف اللہ خان: جناب والا! جناب کو اچھی طرح یاد ہوگا کہ شروع سے ہی جب اس اسمبلی نے اپنا نارمل بزنس شروع کیا تھا تو اس وقت میں نے آپکی توجہ آرٹیکل ۶۷ کیطرف مبذول کرائی تھی جو ہمارے موجودہ رولز آف پروسیجر ہیں وہ قطعی طور پر اس ایوان پر لاگو نہیں ہوتے کہ اب آئین کی ہیئت ہی بدل چکی ہے اور وہ اس آئین سے متعلق تھے جو ۱۹۷۳ کا تھا ۔

آپ دیکھیں گے کہ ہمارے ساتھ ہی سینٹ بھی بیٹھی سینٹ نے پہلے اجلاس میں رولز آف پروسیجر بنانے کے لئے کمیٹی قائم کی ۔ اور انہوں نے ایک ماہ کے اندر اندر اپنے رولز آف پروسیجر بنا کر ایوان کے سامنے رکھ دئے جبکہ یہ ہاؤس قطعی طور پر رولز آف پروسیجر کے بغیر چل رہا ہے اور آپکی رولنگ کے

ہمارے چل رہا ہے کہ ان رولز آف پروسیجر کا اس ایوان پر اطلاق ہوتا ہے حالانکہ آرٹیکل ۶۷ clearly کہتا ہے کہ ہر ہاؤس اپنے رولز بنائے گا اور جب تک وہ رولز نہیں بناتا تو صدر مملکت کا منشاء ہوگا کہ وہ اس ہاؤس کے لیے اس وقت کے لیے اس اپنے رولز آف پروسیجر دے سکیں گے نہ صدر مملکت نے وضع کئے ہیں نہ اس ہاؤس نے وضع کئے ہیں اگر آج یہ سے رولز آف پروسیجر وضع ہو جاتے اس آئین کیمطابق تو نہ یہ دقت ہوتی اور نہ آپکو اتنی زحمت کرنا پڑتی میری استدعا یہ ہے کہ آخر کب تک اس ہاؤس کے ساتھ یہ مذاق چلتا رہے گا اور بغیر رولز آف پروسیجر کے as far as possible یہ ہاؤس کس طرح کام کرتا رہے گا اور اس پر ایک چوٹ لگی رہے گی کہ اس کو اس حد تک ممکن بنایا جائے جن جن چیزوں کا اس ہاؤس پر اطلاق ہوتا ہے۔

میں آپکے توسط سے استدعا کرونگا وزیر عدل سے کہ اس سلسلہ میں وہ باقاعدہ یا تو موشن یا پارلیمنٹری کمیٹی Constitute کرائیں یا اپنی کمیٹی آف رولز آف پروسیجر کے ذریعے سے ایک limit دیں اور اس ہاؤس کی طرف سے اس کیٹی کو ریفرنس بھجوائیں تاکہ رولز آف پروسیجر ایک میعاد کے اندر فوری طور پر مرتب ہو کر اس ہاؤس کے سامنے آئیں اور ان رولز آف پروسیجر کو اسی پیٹرن پر جو ہاؤس آف کامنز یا لوک سبھا کا ہے کہ Call attention Motion الگ ہو ایڈجرنمنٹ موشن الگ ہو اور اس طرح سے یہ ہاؤس ان چیزوں پر توجہ بھی دلا سکے اور ایڈجرنمنٹ موشن کا اپنا حق بھی حاصل کر سکے۔

ہم نے ... کا طریق کار بھی بدل چکا ہے اس کا اطلاق بھی ہمارے رولز آف پروسیجر پر نہیں ہوتا تو میری استدعا ہو گی کہ اس طرف فوری توجہ دی جانی چاہیئے تاکہ یہ ہاؤس آرٹیکل ۶۷ کے تابع اپنے قواعد مرتب کرے اس ہاؤس کو قوانین و قواعد کے تابع چلائے۔

جناب سپیکر: شکریہ جناب ... ایڈ پارلیمنٹری افیرز:

جناب اقبال احمد خان: جناب والا ... ہے تو ... کی اطلاع کے لیئے تصحیح کرنا چاہتا ہوں کہ سینٹ ... ابھی ... مسودہ سینٹ ... پیش نہیں یا وہ اس پر غور کر رہے ہیں، جناب ... پروسیجر کا تعلق ہے ... آپ کے علم میں ہے کہ ۱۹۷۳ء کے آئین کے ... ۱۹۷۳ء کے ساتھ لوگ ... میں ... ہے جو دس بیس دن

یا مہینے میں مکمل ہو سکے۔ وہ اسمبلی بھی ختم ہو گئی۔ لیکن رولز آف پروسیجر کا مسودہ مکمل نہ ہو سکا میں نے پہلے بھی گذارش کی تھی کہ جہاں تک ان رولز کا تعلق ہے، میں معزز رکن سے اتفاق نہیں کرتا کہ ہر اسمبلی اپنے رولز آف پروسیجر بنائے گی رولز آف پروسیجر ایک دفعہ بنتے ہیں پھر اس میں اسمبلی اپنی ضرورت کے مطابق یا حالات کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ترامیم کر سکتی ہے۔

جہاں تک مسودے کا تعلق ہے اس وقت جو رولز آف پروسیجر سینٹ میں اور نیشنل اسمبلی میں نافذ ہیں دونوں identical ہیں دونوں ایوانوں کا کام کچھ ایک ہی نوعیت کا ہے اس لئے کوئی ایسے رولز بھی مناسب نہیں ہوں گے جو دوسرے ہاؤس کے رولز سے conflict کرتے ہوں اس لئے یہ خیال کیا گیا کہ وہ کمیٹی exhaustively سٹڈی کر رہی ہے ان کی رپورٹ مکمل ہو جائے تو اس سے استفادہ کر کے ہمارے اس معزز ایوان کی جو رولز آف پروسیجر کی کمیٹی ہے وہ بھی اپنا کام شروع کرے۔

اس دوران میں جناب والا! آپ بھی پوری طرح آگاہ ہیں کہ ہم کچھ ایمرجنسی لیجسلیشن میں مصروف ہیں اس لئے اس طرف زیادہ وقت نہیں دے سکے انشاء اللہ تعالیٰ میں اس ایوان کو یقین دلاتا ہوں، آپ کی وساطت سے کہ اس کام سے فارغ ہو کر اس کمیٹی کی رپورٹ مکمل ہونے کے بعد ہم اس کام کو بھی شروع کریں گے اور بہت جلد اس کا مسودہ اس ایوان کی منظوری کے لئے پیش کر دیا جائے گا۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

POINT OF ORDER

حاجی محمد سیف اللہ خان: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ جناب والا! آئین کے آرٹیکل ۶۷ کے تابع میں آپ سے اس سلسلہ میں رولنگ بھی چاہوں گا اور آپ کی توجہ بھی مبذول کراؤں گا یہاں یہ سوال پیدا کیا گیا ہے کہ یہ قطعی طور پر ضروری نہیں ہے بلکہ آئین کے تابع پابندی نہیں ہے کہ ہر ہاؤس کو اپنے رولز بنانے پڑیں گے۔ ذرا اس language پر توجہ کریں۔ آرٹیکل ۶۷ کی:

'(1) Subject to the Constitutio , a House ("the House" نہیں ہے چونکہ "a" اور

"The" میں فرق پڑ جاتا ہے۔ اور اگر "The" ہوتا its procedure

that would have related to that very House which came into existence soon after the promulgation of this Constitution. The words are: "a House") may make rules for regulating its procedure and the conduct of its business, and shall have power to act notwithstanding any vacancy in the membership thereof, and any proceedings in the House shall not be invalid on the ground that some persons who were not entitled to do so not voted or otherwise took part in the proceedings".

It further says:

"(2) Until rules are made under clause (1), the procedure and conduct of business in a House ("the House" نہیں ہے shall be regulated by the rules of proced ure made by the President."

اور پھر اس میں دوسری توجہ طلب چیز یہ ہے کہ "a House" کے ساتھ ساتھ "the"
کا لفظ نہیں ہے اگر وہ ایک مرتبہ بنانے ہوتے اور ایک مرتبہ صدر مملکت کو اختیار دیا ہوتا
تو "commencing day" کا لفظ لازمی طور پر لکھا جاتا اور بہت سے ایسے آرٹیکل ہیں جہاں
ہر ایک دفعہ کسی پاور کو exercise کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے تو وہاں لکھ دیا جاتا ہے کہ

From the commencing day of this Constitution, such and such power shall vest with such and such authority."

وہ ایک مرتبہ کا تصور ہوگا اور اس کے بارے میں میں آپ کو بہت سے ایسے precedents
دکھا سکتا ہوں کہ کانگرس آف امریکہ سینٹ آف امریکہ، ہاؤس آف کامنز اور لوک سبھا جب بھی
وہ آتے ہیں تو وہ اپنے رولز آف پروسیجر چاہے خود بنائیں یا پچھلی اسمبلی کے adopt
کرتے ہیں جن جن کے ہمارے آئین کے مطابق similar ہوتے ہیں ایک ہاؤس
کے بنائے ہوئے رولز آف پروسیجر کا قطعی طور پر دوسرے پر اطلاق نہیں ہو سکتا اس لئے
کہ آئین میں یہ permanent پروویژن رکھ دی گئی ہے کہ جب تک "a House"
نہیں بنائیگا اس کی بجائے صدر کو اختیار ہوگا نہ یہ اختیار ایک مرتبہ استعمال ہونا ہے بلکہ
جب بھی ہاؤس constitute ہوگا تو جب تک ہاؤس اپنے رولز آف پروسیجر نہیں بنائے گا

then the President shall make the rules of procedure. Either he may adopt the rules of procedure made earlier or he may give rules of procedure. And so is the case with every House which comes into existence after the elections every time.

اس لئے یہ کہنا غلط ہے کہ ۱۹۷۳ سے بنائے ہوئے اس ہاؤس کے رولز کا اطلاق ہم پر بھی ہوگا اور وہ چلتے رہیں گے۔ اسکو permanency نہیں دی گئی اور کا لفظ استعمال کیا گیا ہے اور آئین کی permanent پرووژن بنادی گئی ہے جس میں ہاؤس کو بھی اور صدر کو بھی ہر بار اور ہر دفعہ جب ایوان کا وجود ہوگا۔ تو رولز آف پروسیجر بنانے کا اختیار دیا گیا ہے۔ قطعی طور پر آرٹیکل ۶۷ کے تابع نہ صدر نے اب تک اس ہاؤس کے لئے پروسیجر بنایا ہے اور نہ ہی اس ایوان کے کسی پروسیجر کو adopt کیا ہے یا اس کو بنایا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم قطعی طور پر آرٹیکل ۶۷ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے غلط رولز کو follow کر کے اپنا بزنس چلا رہے ہیں۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ جہاں تک رولز آف پروسیجر کی بات ہے، جیسا کہ آپ نے از خود شروع میں کہا،

the rules of procedure of the National Assembly of Pakistan, as passed in the 1970's, we have, for the time being, adopted those for running the business of the National Assembly of Pakistan; and this was my ruling at the start. As the honourable Minister for Justice and Parliamentary Affairs has said that, due to pressing legislation, as he has called it, of an emergency nature, we have not been able to dwell upon the rules of procedure as yet.

However, the honourable Minister for Justice and Parliamentary Affairs has stated that, as soon as possible, we should try to change the rules, and rules are always there to be changed in accordance with the requirements of the Assembly. As such, I am sure that all the members will bear with us as a new Assembly. کیونکہ ہمیں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے

I hope that, as soon as we can, some of these rules will be modified in accordance with the requirements of running this House efficiently and smoothly.

اسی کے تحت میں نے آج ایڈجرنمنٹ موشنز کے بارے میں ذکر کیا ہے۔

Thank you.

ADJOURNMENT MOTIONS

Mr. Speaker: Now we go on to the adjournment motions. I think we have had enough debate Nawab Muhammad Yamin Khan Sahib

KATCHI ABADIS IN CONTONMENT AREAS

نواب محمد یامین خان: جناب سپیکر! میں نے اس دن بھی عرض کیا تھا اور آج بھی کہ مسئلہ کنٹونمنٹ سے متعلق ہے اور چاروں کالونیوں کی آبادیوں کے طور پر کنٹونمنٹ ایریا میں آباد ہیں۔ صدر صاحب سے بھی اس سلسلہ میں ایک زمانے میں درخواست کر چکا ہوں انہوں نے اس کو روک دیا تھا اب اس کو پھر دوبارہ شروع کر دیا گیا ہے۔

جناب سپیکر: گذارش یہ ہے کہ پتہ یہ چلا ہے کہ آپ کی تحریک کو منسٹر آف ہاؤسنگ اینڈ ورکس ڈیل کرے گی اور وہاں سے اطلاع آئی ہے کہ آنریبل منسٹر کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ وہ آج اجلاس میں نہیں آئیں گے، اور پارلیمانی سیکرٹری صاحب دورے پر کراچی گئے ہوئے ہیں تو جس وقت ان میں سے کوئی یہاں موجود ہوں گے تو میں آپ کی تحریک ٹیک اپ کر دوں گا۔

نواب محمد یامین خان: حضور! گذارش یہ ہے کہ وہ زمین ان لوگوں کی ہے اور کنٹونمنٹ والے توڑ رہے ہیں ہاؤسنگ والے اسے کیسے سنبھالیں گے؟

جناب سپیکر: وہ آپ کو بتائیں جی ٹریژری بنچز میں سے کوئی بھی آپ کے سوال کا جواب دے سکتا ہے۔ جناب ملک عبدالرؤف صاحب۔ نمبر ۵۰

DIFFICULTIES FACED IN THE PERFORMANCE OF HAJJ

ملک عبدالرؤف: جناب سپیکر! تحریک پیش کرتا ہوں۔ بحث کے لئے اجازت فرمائی جائے امسال حج پر جانیوالے حاجیوں کو وہاں پر تکلیف کا سامنا کرنا پڑا حاجی صاحبان سے رہائشی رقم تو وصول کر لی گئی لیکن ان کو رہائش نہ دی گئی اور حاجیوں نے تنگ آکر بنک پر حملہ کر کے اپنی رقم وصول کی۔

جناب والا! حج پر جانے والے سفید پوش لوگ بھی ہوتے ہیں جن کے پاس زائد رقم نہیں ہوتی اور اگر اسطرح برتاؤ ہو تو بڑے دکھ کی بات ہے۔

جناب سپیکر: دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ حکومت کی طرف سے حج پر بھیجے جانے والے افراد مستحق نہیں بھیجے گئے بلکہ ایسے افراد بھیجے گئے ہیں جو اپنے اخراجات پر حج پر جا سکتے تھے۔

تیسرا مسئلہ جناب والا! یہ ہے کہ سعودی عرب میں حاجیوں کی تلاشی ہتک آمیز طریقہ سے لی جاتی ہے۔ جناب سپیکر! سفارتخانہ کے ذمہ دار لوگوں نے کبھی وہاں کسی کو پوچھا تک نہیں چونکہ حج کے لئے اجلاس ہو رہے ہیں اور آئندہ سال کے لئے پالیسی مرتب ہوگی۔ میری گزارش ہے کہ یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے لہذا اسکو ایوان میں بحث کے لئے منظور فرمایا جائے۔ شکریہ!

جناب سپیکر: شکریہ جناب آنریبل منسٹر آف سٹیٹ فار ریلیجیس افیئرز

وزیر مملکت برائے مذہبی امور و اقلیتی امور (جناب مقبول احمد خاں): شکریہ جناب سپیکر صاحب! سب سے پہلے تو عرض یہ ہے کہ اس کا جواب دینے سے تو میں نہیں گھبرا تا میرے پاس جواب موجود ہے، لیکن اس ہاؤس میں سب کچھ رولز کے ماتحت چلتا ہے سب سے پہلے تو عرض ہے کہ یہ recent occurrence نہیں ہے جس کی اتنی اہمیت ہے کہ فوری طور پر بحث کی جائے اس واقعہ کو چھ سات آٹھ مہینے گزر چکے ہیں دوسری بات یہ ہے کہ یہ جو واقعہ ہوا ہے یہ ہم سے تعلق نہیں ہے کسی اور ملک میں یہ واقع ہوا ہے ان سے تعلق ہے اور میرے خیال میں یہ مناسب نہیں ہے کہ ہم انکے معاملات میں مداخلت کریں اگر اس کے باوجود میرے عزیز اس کو پریس کرتے ہیں تو میں ضرور کچھ عرض کروں گا میری درخواست ہے کہ وہ اسکو پریس نہ کریں

دوسری بات یہ ہے حج کانفرنس ہو چکی ہے، یہ سب چیزیں اس میں زیر بحث آ چکی ہیں ان کو ہم نے consider کیا ہے اور انشا اللہ آئندہ کے لئے میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ ایسی کوئی occrrence دوبارہ نہیں ہوگی

جناب سپیکر: شکریہ، جناب حاجی ملک عبدالرؤف صاحب!

ملک عبدالرؤف: جناب: وزیر صاحب نے فرمایا کہ یہ اہمیت کا مسئلہ نہیں ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت اہم مسئلہ تھا۔ اس سے پہلے میں نے گزارش کی ہے اور میں نے ساتھ یہ بھی کہا ہے کہ اجلاس ہو رہے ہیں ان کی یقین دہانی پر پریس نہیں کرتا۔

جناب سپیکر: شکریہ! جناب

Not pressed

شیخ رشید احمد صاحب! نمبر ۳۵۹

NEGOTIATIONS ON POST 87 US AID PACKAGE

شیخ رشید احمد: جناب سپیکر: میں حال ہی میں وقوع پذیر اہم نوعیت کے مسئلہ پر آپکی توجہ دلانے کے لیئے التوا کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

مسئلہ یہ ہے روزنامہ "جنگ" لاہور مورخہ ۲ اکتوبر کی ایک اہم خبر کے مطابق امریکہ سے ملنے والی امداد کے مسئلہ پر شدید اختلافات پیدا ہو چکے ہیں اور حکومت پاکستان یہ مطالبہ کر رہی ہے کہ ۳.۲ بلین ڈالر کی امداد کے ۱۹۸۷ء میں پورے ہونے والے معاہدے کے بعد پاکستان کو نفیس ترین ہتھیار مہیا کرنے کا نیا معاہدہ کیا جائے جب کہ امریکی حکومت نے یہ موقف اختیار کیا ہے کہ پاکستان کو صرف اقتصادی امداد دی جائے گی۔ پاکستان نے...

یہ تحریک بڑی لمبی ہے میں نمبر پڑھ دیتا ہوں کہ وقت بچ جائے نمبر ۳۵۹

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی۔ آنریبل منسٹر آف سٹیٹ فار فارن افیئرز!

Mr. Zain Norrani: Sir, as stated by the honourable member, the report in the newspapers appeared on 2nd October. Obviously, notice of the news-item was taken by the honourable member and notice for the adjournment motion submitted on 8th October, 1985, after a lapse of about five to 6 days.

Secondly, as the second part of the adjournment motion has not been read, you would yourself have seen, Sir, that the second part of the adjournment motion is full of arguments, inferences and personal opinion of the honourable member, and as such, is hit by rule 80(g). Therefore, at least on two grounds, 80(a) and 80(g), the adjournment motion is technically inadmissible.

As far as the contents are concerned, as you are aware, some discussions on the shape of the post-'87 aid package have been held, including those of the Finance Minister with the US AID Chief in Seoul some time back. In these preliminary discussion, which the Finance Minister described as fruitful, Pakistan proposed a substantial increase in the aid package and asked for an enhancement in proportion of funds for economic assistance. Further discussions have also been held since then between the representatives of both the Governments.

The report about an agreement or otherwise regarding military equipment is also incorrect and tendentious. Here again only preliminary discussions have taken place and no details have been worked out. It may be mentioned that delivery schedule of the military equipment we have contracted to buy has been maintained and the agreement is being implemented smoothly.

With regard to the second part of the adjournment motion, as already stated by me, the honourable member has given his own inferences, opinions and arguments. These have been mentioned and these are neither correct nor based on facts.

In view of the foregoing, I hope that the honourable member will not press for admissibility.

I thank you, Sir.

Mr. Speaker: Thank you. Sh. Rashid Ahmad.

شیخ رشید احمد: جناب سپیکر میں وزیر موصوف کی اس سٹیٹمنٹ کے بعد اسے پریس نہیں کرتا

جناب سپیکر: Not pressed جناب محمد آفاق خان صاحب نہیں ہیں ملک محمد اسلم کچھیلہ صاحب نہیں ہیں جناب محمد عثمان خان نوری نہیں ہیں صاحبزادہ محمد احمد!

ATTACK ON DIRECTOR TECHNICAL EDUCATION SIND

صاحبزادہ پروفیسر محمد احمد: جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے پر بحث کے لئے روک دی جائے جس کے مطابق ڈائریکٹر ٹیکنیکل ایجوکیشن سندھ نامعلوم افراد کے حملے کی وجہ سے زخمی ہو گئے۔ اور ان کی کار مکمل طور پر تباہ ہو گئی۔ روزنامہ "جنگ"

کراچی ۱۰ اکتوبر کے مطابق ڈائریکٹر ٹیکنیکل ایجوکیشن انعام الحق اندرون سندھ کے دورے پر تھے۔ جب وہ گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ جیکب آباد پہنچے تو چند افراد نے ان پر ہینڈ گرنیڈ سے حملہ کیا۔ جس کے نتیجے میں وہ زخمی ہو گئے۔ اور ان کی کار مکمل طور پر تباہ ہو گئی۔ اس واقعہ سے اساتذہ اور طلبہ میں سخت بے چینی پیدا ہو گئی ہے۔ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ جیکب آباد کے تمام اساتذہ اور غیر تدریسی عملے نے استعفا دے دیا ہے جس کی وجہ سے صورت حال انتہائی خراب ہونے کا اندیشہ ہے لہٰذا ایوان اس کا نوٹس لے اور اس پر بحث کرے۔

جناب سپیکر: شاہ تراب الحق قادری صاحب

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری: جناب والا! اس وقت بچانے کے لئے اس کا نمبر پڑھ دیتا ہوں۔ اس کا نمبر ۱۸۲ ہے۔

جناب سپیکر: شکریہ آنریبل منسٹر فار انٹیریر!

The Minister for Interior (Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak): Sir, inspite of the fact that it concerns the Privincial Government, yet in deference to the wishes of the honourable members, we carried out an enquiry. The report that we have got is from the Commissioner Sukkur and Deputy Commissioner Jacobabad, and the report is that, on 19-10-1985, at 1500 hours, Mr. Aman-ul-Haq, Director Technical Education, Sind, visited the Government Poly Technic and Vocational Institute, Jacobabad- - - -

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا! چونکہ ہر وزیر اپنے محکمہ کا تیار کیا ہوا۔۔۔ جواب پڑھتا ہے تو جیسے وہ لکھ دیتے ہیں سو وہی پڑھ دیتے ہیں۔ تو اصل میں یہ نام اردو میں انعام الحق ہے اور محترم وزیر صاحب امان الحق پڑھ گئے لہٰذا سہواً ہو گیا ہے۔

جناب محمد اسلم خان خٹک: بڑی مہربانی جناب والا! قبلہ عرض یہ ہے کہ میں جواب کسی اور کا دے رہا ہوں اگر مجھے اپنا جواب دینا ہوتا تو میں آپ کی خدمت میں جس زبان میں آپ چاہتے ہیں۔ اسی زبان میں عرض کر دیتا۔ لیکن یہ رپورٹ سندھ گورنمنٹ نے بھیجی ہے اور اس میں انہوں نے یہی کہا ہے۔

On receipt of information about the above incident from the Vocational Institute, the police rushed to the spot. But the students who had attacked the Director, Technical Education, had already left. Later on, the Director, Technical Education, left for Sukkur in the same car. No person is said to have received an injury. However, a case has been registered by the police. Investigations are in progress. So far three persons involved in the case have been arrested. Efforts are being made to apprehend the rest of the accused. The teachers are on duty and the situation at reported to us, is peaceful.

This is the report that we have received, and I hope that it would satisfy the honourable member. But if they would like us to carry out any further investigation or enquiries into it, we are at their service.

جناب سپیکر: صاحبزادہ محمد احمد!

صاحبزادہ پروفیسر محمد احمد: اس بیان کے بعد میں اسے پریس نہیں کرتا۔

جناب سپیکر: شاہ تراب الحق قادری صاحب!

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری: جناب سپیکر! مسئلہ یہ ہے کہ ہر مسئلے کو صوبائی قرار دے کر اسے فراموش کر دینا میں سمجھتا ہوں مناسب نہیں ہے بہر حال جیسا کہ محترم وزیر صاحب نے اپنے بیان میں ارشاد فرمایا اور جیسا کہ میں نے عرض کیا اور انہوں نے تسلیم کیا کہ ایسا ہی جواب آیا ہے اخبار میں آیا ہے کہ وہ کار تباہ ہو گئی اور پتہ نہیں کہ وہ اسی کار میں بیٹھ کر کیسے چلے گئے۔ یہ بات بڑی عجیب و غریب لگتی ہے بہر حال جو کہا گیا وہی انہوں نے ارشاد فرمایا اصل میں لوگوں کو تباہ کرنا بم مارنا اور اس قسم کے حادثات ہتھوڑا مار گروپ کے حادثات وغیرہ یہ میں سمجھتا ہوں کہ کوئی سخت ایکشن نہ لینے کی وجہ سے سارے معاملات رونما ہو رہے ہیں میں وزیر موصوف کی وضاحت کے بعد اسے پریس تو نہیں کرتا مگر غالب کی زبان میں اتنا ضرور کہوں گا۔

؎ یہ تو مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

جناب سپیکر: Not pressed جناب ممتاز احمد تارڑ صاحب! راؤ احمد نواز صاحب! رانا تنویر حسین صاحب! میاں محمد زمان صاحب نمبر ۳۹۵

FAILURE TO ATTAIN SELF-SUFFICIENCY IN EDIBLE OILS

میاں محمد زمان: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میں حال ہی میں وقوع پذیر عمومی نوعیت کے حامل واضح مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کاروائی کے التواء کی تحریک پیش کرتا ہوں!

مسئلہ یہ ہے کہ پاکستان زرعی ملک ہونے کے باوجود خوردنی تیل کے معاملہ میں خود کفیل نہیں ہو سکا اور سالانہ چھ سات ارب روپیہ اس کی درآمد پر خرچ ہو رہا ہے۔ "نوائے وقت" مورخہ ۱۰ اکتوبر کے اداریہ کے مطابق وزیر خزانہ نے امریکی حکومت سے خوردنی تیل کی درآمد کے لئے اپنی امداد میں توسیع کی درخواست کی ہے مگر اندرون ملک اس طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی جو غلط منصوبہ بندی کی نشاندہی کرتی ہے لہذا ضروری ہے کہ مسئلہ کو ایوان میں زیر بحث لایا جائے۔

جناب سپیکر: ہم دوبیل: منسٹر آف سٹیٹ فار فوڈ اینڈ ایگریکلچر!

وزیر مملکت برائے خوراک و زراعت میر حاجی ترین: جناب والا قبل اس کے میں اس تحریک التواء کی ایڈمسبلٹی پر بات کروں میں فاضل ممبر کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ اس منتخب گورنمنٹ نے جب سے اوتھ لیا ہے تو اپریل کے بعد مئی میں ہم نے فوڈ منسٹری کی طرف سے ایگریکلچر ریسرچ کونسل میں ایک نیشنل سیمینار بلایا تھا تاکہ پاکستان کو خوردنی تیل میں خودکفیل بنانے کے وہ سارے ذرائع بروئے کار لائے جائیں تاکہ ملک میں اس چیز کی ضرورت جو ہمیں باہر سے منگوانے کیلئے پڑ رہی ہے اس کو ہم پورا کر سکیں۔ تو میں ممبر صاحب کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ اس بارے میں فوڈ منسٹری غافل نہیں ہے بلکہ پاکستان ایگریکلچر ریسرچ کونسل اور منسٹری دونوں میں یہ چیز ٹھیک اپ ہو رہی ہے اور ہماری یہ کوشش ہے کہ جو ایڈیبل آئل گروورز ہیں ان کو ہم ایگرو بیسڈ انڈسٹری کے تحت اور دوسری امداد کے تحت جو ہم سے ہو سکے ان کی امداد کریں تاکہ یہ ملک جو ہے وہ خوردنی تیل میں خود کفیل ہو۔ تو یہ منصوبہ جو ہے یہ ہمارے زیر غور ہے انشاءاللہ اس منتخب حکومت کے دور میں یہ مسئلہ میں امید کرتا ہوں کہ حل ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: جی شکریہ۔ جناب میاں محمد زمان صاحب!

میاں محمد زمان: جناب میں اسے پریس نہیں کرتا۔

جناب سپیکر: Not pressed ڈاکٹر محمد شفیق چوہدری صاحب نمبر ۳۹

AMERICAN KIDNAPPING OF PLANE CARRYING PALESTINIAN HIJACKERS

ڈاکٹر محمد شفیق چوہدری: میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے نہایت ہی اہمیت کے حامل واقعہ کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک التواء پیش کرتا ہوں!

واقعہ یہ ہے کہ ۱۲ اکتوبر ۱۹۸۵ کے تمام قومی اخبارات کے مطابق امریکی جنگی طیاروں نے تیونس جانے والے فلسطینی ہائی جیکروں کا طیارہ اغوا کر لیا ہے جناب والا یہ فضائی قذاقی امریکہ نے اپنے غیر مشروع اور ناجائز فرزند یہودی ریاست اسرائیل کی اعلانیہ پشت پناہی کے لئے کی ہے اور پی ایل او کے ہیڈ کوارٹرز پر اسرائیلی حملہ کے بعد جس طرح شاباش دی تھی۔ وہ قابل غور ہے اس سے امریکہ کے ان عزائم کا بخوبی پتہ چل جاتا ہے جو وہ ملت اسلامیہ کے لئے رکھتا ہے۔

حضور والا! امریکہ کی کھلی جارحیت اور جانبداری کو اس ایوان میں زیر بحث لایا جائے کیونکہ امریکہ ہمارا حلیف ہونے کا دعویدار ہے اور ملت اسلامیہ سے ہمارا اساسی تعلق اس کا تقاضا کرتا ہے کہ ہم کھرے اور کھوٹے میں تمیز کر سکیں۔

جناب سپیکر: شکریہ جناب شیخ رشید صاحب!

شیخ رشید احمد: میں وقت بچانے کے لئے صرف نمبر پڑھتا ہوں نمبر ۴۰۳۔ اور اس کے ساتھ صرف یہ عرض کروں گا کہ ایک اسلامی برادر ملک کے طیارے کو بزور بازو اغواء کر کے اس فعل سے مشرق وسطیٰ میں قیام امن کی کوشش کو زبردست دھچکا لگا ہے میں یہ تحریک التواء پیش کرتا ہوں۔ شکریہ!

جناب سپیکر: نوازش آپ کی آنریبل منسٹر آف سٹیٹ فار فارن افیئرز!

Mr. Zain Noorani: While expressing complete unanimity with the sentiments expressed by both the honourable members, I am afraid, this is not an adjournment motion, inasmuch as it concerns an Egyptian aircraft, intercepted by American jetplanes, carrying Palestinian hijackers destined for Tunisia. Since it is in violation in violation of rule 80 (f), it cannot be treated as an adjournment motion. But, as stated by me, it is a matter with which sentimentally everyone of us in Pakistan is involved and disturbed and, therefore, Sir, if you will be kind enough to permit me, I will take two minutes to read out a short statement.

The adjournment motion refers to news reports of October 12, carried by all the newspapers, regarding the interception by American warplanes of the Egyptian aircraft carrying Palestinian hijackers to Tunisia.

Pakistan has always deplored acts of terrorism and airpiracy. Our stand on the subject is well known Statements have been issued by us on several occasions expressing deep concern and denouncing such acts, whether by States or individuals.

As the House is aware, Pakistan is committed to a policy of unwaivering support for the just cause of the Palestinian and the Arab people. It has always urged the international community and all peace loving people to denounce Israeli aggression. It has called on all countries to restrain it from pursuing its dangerous policies which jeopardise world peace and stability.

The Foreign Minister of Pakistan, in a recent statement on Israeli act of aggression against Tunis, at the UN Security Council, strongly condemned the Israeli attack as "an act of stark terrorism" and renewed our pledge of solidarity with the people and Government of Tunisia, with the Palestinians and the PLO.

While Pakistan and the United States have friendly relations, they have different perceptions on certain international issues. Pakistan follows an independent foreign policy of its own and our stand on the Middle East issue is an example of this.

ADJOURNMENT MOTIONS

With these words, Sir, I request you to find out from the members whether they would still like to press it.

جناب سپیکر: جناب ڈاکٹر شفیق صاحب!

ڈاکٹر محمد شفیق چوہدری: جناب والا! وزیر مملکت برائے خارجہ نے یہ فرمایا ہے کہ ہمارا مؤقف واضح ہے فلسطین کے بارے میں ہمارا مؤقف واضح ہے جب کہ امریکہ کا مؤقف اسرائیل کے بارے میں واضح ہے جو کہ ۱۸۰ درجے کا فرق ہمارے اندر ہے' مشرق اور مغرب کا' جو ہماری دونوں کی پالیسی کے اندر ہے اس طرح جناب والا نے فرمایا ہے' وہ اس کے اندر کہہ رہے ہیں کہ ہم نے سٹیٹمنٹ جاری کر دیا ہے کیا اس کے اوپر ہم نے کوئی ایکشن لیا؟ آیا ہم نے کوئی پروٹیسٹ کیا؟ آیا امریکہ کو ہم نے کوئی لیٹر لکھا؟

حضور والا! ہمارا موقف جو ہے وہ امریکہ سے ظاہری طور پر الفاظ کے لبادے میں تو بالکل مختلف ہے لیکن عملی طور پر جو کہ فلسطین کا دشمن ہے کیونکہ ان کی تمام کوششیں جتنی بھی ہیں وہ ان کو ناکام بنانے پر تلا ہوا ہے اور ہم اس کی گود میں گھسنے کی کوشش کر رہے ہیں تو حضور والا یہ ہماری دو رنگی اور ہماری منافقت کا منہ بولتا ثبوت ہے ہمیں اس کو ریکٹیفائی کرنا ہوگا وزیر مملکت برائے خارجہ کو یہ بات واضح طور پر بتانی چاہیئے کہ آیا ہمارا مؤقف کیا ہے اور اس موضوع کے اوپر ہم نے امریکہ کو لیٹر لکھا؟ ابھی صدر مملکت وہاں سے ہو کر آئے ہیں تو کیا ہم نے اس موضوع پر کوئی بات بھی کی ہے یا صرف زبانی اور خالی خولی باتیں ہی ہو رہی ہیں؟

جناب سپیکر: ڈاکٹر صاحب! آپ اس کو پریس کرتے ہیں یا نہیں؟

ڈاکٹر محمد شفیق چوہدری: میں جناب! پریس کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جناب شیخ رشید صاحب!

شیخ رشید احمد: جناب اسپیکر! امریکہ نے بجائے ثالث کا کردار ادا کرنے کے خود ایک فضائی

تنازعات کا حکومتی سطح پر آغاز کرے بین الاقوامی قوانین کی جو دھجیاں بکھری ہیں میں اس پر جناب زین نورانی کے بیان کو کافی سمجھتا ہوں اور میں اسے جناب واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: Not pressed. جہاں تک ایڈ مسبلٹی کا سوال ہے۔

this is a matter which is primarily not the concern of the Government or within its control. Therefore, the motion is ruled out of order.

تحاریک التوا کا ٹائم اب ختم ہوتا ہے۔ اب لیجسلیٹو بزنس۔ آنریبل منسٹر فار جسٹس اینڈ پارلیمانی آفیئرز۔

POINTS OF ORDER

حاجی محمد سیف اللہ خان: پوائنٹ آف آرڈر!۔

جناب سپیکر: جی حاجی محمد سیف اللہ خان صاحب!

حاجی محمد سیف اللہ خان: جناب والا یہ سٹینڈنگ کمیٹی کی رپورٹ جو پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کے سلسلہ میں پیش کی جا چکی ہے اس بارے میں مجھے اعتراض ہے اور میں آپ کی توجہ بھی مبذول کراؤں گا اور اس پر رولنگ بھی چاہوں گا۔ پہلا اعتراض تو میرا قاعدہ نمبر ۱۹۶ کے تحت ہے جس کی رو سے

"Where the Assembly has not fixed any time for the presentation of a report. the report of a Committee shall be presented within thrity days from the date on which reference was made to it by the Assembly..."

اب اس کیس میں اسمبلی نے ۲۲۔ نومبر کی تاریخ مقرر کی تھی اس کی رپورٹ بھیجنے کی جب کہ رپورٹ سے واضح طور پر ظاہر ہے کہ یہ رپورٹ ۲۳ تاریخ کو کمیٹی کے زیر غور آئی اور اس رپورٹ پر کمیٹی نے ۲۳۔ نومبر کے فیصلہ دیا جب کہ کمیٹی ۲۲۔ نومبر نے بعد اس رپورٹ کو زیر غور لانے یا اس پر فیصلہ کرنے کی مجاز نہیں تھی اور اگر انہوں نے ۲۴۔ نومبر کو یہ رپورٹ مکمل کی تو پھر اصولی طور پر رپورٹ پیش کرنے سے قبل انہیں پہلے اسمبلی سے ایکسٹینشن حاصل کرنی چاہیئے تھی۔ اس ایک روز کی اور یہ قطعی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ ۲۲۔ نومبر کو چونکہ جمعہ تھا

اس لیئے وہ خود بخود presume ہو جائے گا کہ ۲۲ نومبر کو چونکہ ہمارے قواعد انضباط کار کے تابع کہیں بھی اس امر کی ممانعت نہیں کی گئی کہ یہ اسمبلی یا اس کی کیٹی چھٹی والے دن نہیں بیٹھ سکتی یا یہ اپنا بزنس سرانجام نہیں دے سکتی اس قسم کی چونکہ کوئی بھی قانون و قواعد کے تابع ہم پر پابندی نہیں ہے۔ اس لیئے جب ہاؤس فیصلہ کر چکا ہے کہ ۲۲۔ نومبر تک اس کی رپورٹ آجانی چاہیئے تھی تو یا ۲۲۔ نومبر کو اسے فائنلائز کر دینا چاہیئے تھا۔ اور ۲۲۔ نومبر کو سیکرٹریٹ میں present ،، کا لفظ ہے۔ ۲۲ ہر تاریخ کو اس رپورٹ کو اسمبلی سیکرٹریٹ میں آجانا چاہیئے تھا جبکہ ۲۲ ہر تاریخ کو یہ رپورٹ نہیں آئی اور ۲۳ ہر تاریخ کو جب کہ اس کو فائنلائز کیا گیا ہے تو اس کی ایکسٹینشن اس اسمبلی کی جانب سے نہیں مانگی گئی اور نہ اس ہاؤس نے اس کی ایکسٹینشن دی ہے۔ اس لیے اس رپورٹ کا اس ہاؤس میں پیش ہونا خلاف ضابطہ ہے۔

دوسرا اعتراض جناب والا! میرا یہ ہے کہ رپورٹ prima facie on the face خلاف ضابطہ ہے اس لیئے کہ اس رپورٹ میں یہ دکھلایا گیا ہے کہ یہ رپورٹ تمام ممبرز کے کنسینسس سے پیش ہوئی ہے، جب کہ خود رپورٹ میں ہی واضح ہے کہ اس رپورٹ پر ہرگز ہرگز کنسینسس نہیں ہوا اور جو اختلافی نوٹ اس رپورٹ کے ساتھ مولانا گوہر رحمان کا شامل کیا گیا ہے اس اختلافی نوٹ کو آپ ملاحظہ فرمائیں تو انہوں نے پہلے ہی فقرے میں یہ لکھ دیا ہے کہ " مجھے اس بل کے سیاق سباق سے مکمل طور پر اختلاف ہے اور میں اپنے اختلاف کو اس سے آگے بھی بڑھاتا ہوں،، انہوں نے قطعًا اپنے اختلافی نوٹ میں یہ نہیں لکھا کہ "مجھے بل کے سیاق و سباق سے تو اتفاق ہے مگر میں اسکے علاوہ مزید ان شقوں کے سلسلہ میں اپنا اختلافی نوٹ دیتا ہوں" اس سے آپ پہلا فقرہ پڑھ لیں تو یہ واضح ہو جائے گا۔ اور پھر ان کا اختلافی نوٹ ۱۹، نومبر کا لکھا ہوا ہے۔ جبکہ رپورٹ ۲۳، نومبر کو مرتب ہوئی ہے۔ چار دن پہلے ہی جب انہوں نے یہ واضح کر دیا تھا کہ مجھے اس کی تمام چیزوں سے اختلاف ہے۔ اور وہی اختلاف بھی ان کا ساتھ شامل کیا گیا ہے۔ تو یہ قطعی طور پر غلط تاثر دیا گیا ہے کہ یہ رپورٹ مکمل کنسینسس کے ساتھ تیار کی گئی ہے۔ اور کسی بھی ممبر کو اس کے موجودہ بل کے سیاق و سباق سے اختلاف نہیں تھا اور اس کے علاوہ

وہ شاید دوسری چیزیں چاہتا تھا۔ جس کی اجازت نہیں دی گئی۔ یا نہیں دی جا سکتی تھی۔

یہ ساری کی ساری رٹ فرضی دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔ جس کی کوئی بھی قانونی حیثیت نہیں ہے۔ اور اس پر قطعی طور پر غلط مندرجات ہیں۔ اور یہ رپورٹ غلط حقائق پر مبنی ہے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ رپورٹ اس ایوان میں نہ تو پیش کی جاسکتی ہے اور نہ اس ایوان میں اسے زیر غور لایا جاسکتا ہے۔ تو اس سلسلے میں میں آپ سے رولنگ بھی چاہوں گا۔ اور اس پر آپ کی توجہ بھی مبذول کراؤں گا۔

جناب سپیکر:۔ وزیر انصاف و پارلیمانی امور صاحب!

جناب اقبال احمد خان: جناب سپیکر! معزز رکن نے خود ہی اس بات کا اظہار فرما دیا کہ ۲۲ تاریخ کو تعطیل تھی۔ اور چونکہ انہوں نے اس لئے اس کا ذکر فرمایا کہ یہی میں گذارش کرنے والا تھا۔ اور اپنے تئیں انہوں نے یہ ذکر کرکے یہ کوشش کی ہے کہ وہ ثابت کر سکیں کہ رپورٹ مقررہ وقت کے اندر نہیں ہے۔ جناب والا! تعطیل کے روز اسمبلی سیکرٹریٹ بند ہوتا ہے تاآنکہ جناب سپیکر کی طرف سے باضابطہ طور پر ان کو اس بات کا حکم نہ دیا جائے کہ وہ سیکرٹریٹ کو کھلا رکھیں۔

جناب والا! رپورٹ ۲۳ تاریخ سے پہلے مکمل ہو گئی تھی۔ اور ۲۳ کو ہم نے یہ ضروری محسوس کیا کہ اراکین کمیٹی کو اس کے مندرجات اور جو ڈرافٹ رپورٹ ہے وہ دکھا دی جائے۔ اس لئے ۲۳ تاریخ کو ممبران نے رپورٹ کو منظور کیا اور اسی وقت نیشنل اسمبلی سیکرٹریٹ میں پیش کر دی گئی۔ اس لئے کہ یہ عام قاعدہ ہے کہ جب کوئی تاریخ متعین اور مقرر ہو اور اس آخری تاریخ کو تعطیل ہو تو اس سے ہمیشہ یہ مقصد لیا جاتا ہے۔ اگلا ورکنگ ڈے تو اس لئے اگرچہ اس ایوان نے ۲۲ تاریخ تک کی تاریخ مقرر کی تھی۔ لیکن چونکہ ۲۲ کو تعطیل تھی اس لئے next working day ۲۳ تھا اور رپورٹ within time پیش کر دی گئی۔ عذر جناب! معزز رکن کا درست نہیں ہے۔

ویسے بھی میں عرض کروں گا کہ جناب! معزز رکن کو یہ دونوں اعتراضات اس دن پیش کرنے چاہییں تھے۔ جس دن کہ یہ رپورٹ پیش کی گئی تھی۔ جناب والا! یہ رپورٹ ۸ تاریخ کو

پیش کی گئی تھی۔ اور کسی بھی معزز رکن نے اس رپورٹ کی ویلیڈیٹی کو چیلنج نہیں کیا، نہ اس کے ٹائم کے سلسلے میں اس لئے آج ان کا اعتراض بھی بعد از وقت ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ بعد از وقت جو بات ہوتی ہے۔ اس کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی۔ نہ قانونی نہ اخلاقی اور نہ واقعاتی۔

جہاں تک ان کا ارشاد گرامی ہے کہ رپورٹ کنیسس سے نہیں ہے۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ اگر وہ اختلافی نوٹ بھی ملاحظہ فرمائیں تو یہ مسئلہ زیر غور آیا تھا کہ آیا آئین کے مطابق یہ بل پیش ہو سکتا ہے۔ یا نہیں، اور میں اس بات کی حد تک، ایک معزز رکن کا اعتراض تھا، اس کی وضاحت کی گئی اور انہوں نے بھی آخر میں یہی لکھا ہے۔ کہ اگر آئین کے مطابق نہیں ہے۔ تو پھر اس بل کا جو نفاذ ہے، وہ آئندہ اسمبلی پر کیا جائے۔ بل کے نفاذ کی تاریخ تو ایکٹ کے ساتھ ہی ہوتی ہے۔ اس لئے جہاں تک اس کے مندرجات کا تعلق ہے۔ معزز رکن کو صرف یہ اعتراض تھا کہ یہ قانون کے مطابق نہیں ہے۔ جس کی میں نے وضاحت کر دی تھی۔ معزز رکن بھی اس ایوان میں موجود ہیں۔ انہوں نے صرف یہ کہا تھا کہ پھر اس کا نفاذ اس اسمبلی پر نہ کیا جائے۔ اس کے علاوہ ان کا بل پر اعتراض نہیں تھا۔ ان کے کوئی دوسرے اعتراضات تھے۔ وہ موجودہ سیاسی جماعتوں کے ایکٹ سے متعلق تھے۔ اگر ان کا سارا نوٹ ملاحظہ فرمائیں گے۔ تو وہ اس پر ہی مشتمل ہے۔

جہاں تک ان کے اعتراضات کا تعلق ہے۔ وہ آوٹ آف سکوپ تھے۔ اس لئے اس مرحلے پر ان کو اس میں سمویا نہیں جا سکتا تھا۔ اور جیسے انہوں نے ارشاد فرمایا۔ جیسا کہ نوٹ میں ہے۔ کہ ان وجوہات کی بناء پر ان کی رائے میں یہ قابلِ قبول نہیں ہے۔ اور آخر میں اگر ملاحظہ فرمائیں تو ان کا ارشاد بھی یہی ہے۔ کہ اگر بعض ماہرینِ قانون کی رائے میں بات درست نظر آتی ہے۔ تو پھر دستور میں ترمیم کئے بغیر بل کی یہ دفعہ منظور نہیں کی جا سکتی۔ لیکن اگر یہ رائے درست نہیں تو پھر بھی میری تجویز ہے کہ موجودہ اسمبلی کو اس پابندی سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ کیونکہ یہ غیر جماعتی بنیادوں پر بنائی گئی ہے۔ البتہ آئندہ کے لئے جماعت کے منشور پر منتخب ہونے والے ارکان پر یہ پابندی لگائی جائے کہ وہ فلور کراسنگ نہ کریں۔ ورنہ ان کی رکنیت ختم کرائی جائے گی۔

تو اس لئے جناب جہاں تک بل کے مندرجات کا تعلق ہے۔ معزز رکن کو صرف اس کی انفورسمنٹ ڈیٹ پر اختلاف تھا۔ اس کے مندرجات پر اختلاف نہیں تھا۔ اس لئے یہ کہنا درست نہیں ہے کہ یہ رپورٹ صحیح طور پر ریکارڈ نہیں کی گئی۔ رپورٹ صحیح طور پر ریکارڈ کی گئی۔ اراکین کی رائے کیساتھ ریکارڈ کی گئی اور ان کو ڈرافٹ دکھانے کے بعد اس اسمبلی کو پیش کی گئی۔ اس لئے ان گزارشات کی روشنی میں معزز رکن کے دونوں اعتراضات درست نہیں ہیں۔

جناب سپیکر: جناب شاہ بلیغ الدین صاحب پوائنٹ آف آرڈر۔

شاہ بلیغ الدین: جناب والا! محترم وزیر قانون نے اس سلسلے میں جو بحث کی ہے کہ یہ رپورٹ آپ کی توجہ اس کے پیراگراف ۲ کی طرف مبذول کراؤں گا جس میں یہ لکھا ہوا ہے کہ ۲۳ تاریخ کو بھی ایک میٹنگ ہوئی۔ یعنی ۲۲ تاریخ کے لئے جو وقت دیا گیا تھا ۲۲ نومبر کو رپورٹ پیش کرنے کا تو رپورٹ ۲۳ تاریخ کو تیار ہوئی۔ ۲۲ کو یہ رپورٹ تیار نہیں ہوئی دوسری بات جس کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ وہ مولانا گوہر الرحمان کے بیان کے ابتدائی فقرے ہیں۔ جس میں لکھا ہے کہ "سیاسی جماعتوں کے ایکٹ ۱۹۶۲ میں مزید ترمیم کا بل جس شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ اسی شکل میں قابلِ قبول نہیں ہے۔ میری اس رائے کی وجوہات درج ذیل ہیں"۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے دوست حاجی سیف اللہ صاحب نے جو بحث کی ہے کہ اس کے اوپر consensus نہیں تھا۔ اتفاق رائے سے نہیں منظور کیا گیا۔ اور یہ غلط بیانی ہے اور یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی ہے کہ اتفاق رائے سے اسے منظور کیا گیا اور پیش کیا جا رہا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ دونوں امور کی طرف آپ توجہ فرمائیں گے۔ اور حاجی سیف اللہ صاحب کی درخواست منظور کی جائے۔

جناب سپیکر: جی جناب آنریبل منسٹر فار جسٹس!

جناب اقبال احمد خان: محترم شاہ صاحب نے میری گزارشات کو پوری طرح سنا نہیں۔ میں

نے یہ عرض کیا تھا کہ رپورٹ تیار تھی ۔ لیکن ۲۳ تاریخ کو اس لئے اجلاس کیا تھا کہ اراکین کو مسودہ دکھا دیا جائے۔ اور ان کو دکھانے کے بعد اسمبلی کو پیش کیا جائے۔ یہی میں نے گزارش کی تھی۔ اور میں نے کب کہا ہے۔ کہ ۲۳ کو اجلاس نہیں ہوا؟ میں نے وضاحت سے اپنی گزارش کی تھی۔ اگر وہ میری گزارشات کو توجہ سے سنتے تو انہیں یہ زحمت کرنے کی ضرورت محسوس نہ ہوتی ۔

شاہ بلیغ الدین: میں عرض کردوں گا ۲۳ کو اجلاس ہونے کا مطلب یہ ہے کہ رپورٹ مکمل نہیں تھی۔

جناب سپیکر: جی ڈاکٹر شیر افگن صاحب! آپ کا کوئی اور پوائنٹ ہے اس کے علاوہ جی؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: اس میں ایک پوائنٹ رہ گیا ہے۔ وہ میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ حاجی صاحب نے جو فرمایا ہے۔ اس کو میں سپورٹ کرتا ہوں۔ اور اس کے ساتھ ہی جہاں یہ چوتھا پیراگراف ہے ۔

"While supporting the provisions of the Bill..."

اس ضمن میں تھوڑی سی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ کہ مولانا گوہر رحمان صاحب کے ذمہ یہ بات ڈالی گئی ہے کہ جو بل میں کلازز دی گئی ہیں اور امنڈمنٹ کے لئے ہیں ۔ ان کو تو وہ سپورٹ کر رہے تھے ۔ لیکن جو بل سے باہر تھیں ان کے ضمن میں انہوں نے ترامیم پیش کیں، اور وہ چونکہ سکوپ میں نہیں آتی تھیں بل کے، حالانکہ وہ سبجیکٹ میٹر کے ساتھ ڈیل کر رہی تھیں اور وہ رول ۲۲۱ کے تحت کنسڈر ہو سکتی تھیں ۔ ساتھ ہی جو اختلافی نوٹ ہے۔ اسی میں مولانا صاحب نے یہ واضح طور پہ کہہ دیا ہے۔ کہ بنیادی طور پر جو ترمیمی بل پیش کیا گیا ہے۔ ان کو شروع سے اس سے اختلاف تھا اور اس طریقہ سے تمام اس ایکٹ سے جو کہ ترامیم ۷۹/۷۸ ۱۹ء میں کی گئی ہیں ۔ ان سے مولانا صاحب کو اختلاف تھا ۔ بلکہ یہ جو نیا بل لایا گیا اور جس میں نئی کلازز ڈالی گئیں اور ترمیم کی شکل لائی گئی ہے۔ اس سے بھی پوری طرح سے وہ اختلاف کر رہے تھے۔ اور یہ لکھ کر انہوں نے دیا ہے۔ جیسا کہ حاجی صاحب نے فرمایا ہے کہ ۱۴ دن پہلے اس کمیٹی

کی رپورٹ سے ۔ تو اس وجہ سے یہاں ۹ ممبر ہیں ۔ ایک چیئرمین صاحب ہیں تو یہ فرما رہے ہیں "There was full consensus..." یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ بلکہ ۵۵ فیصد بنتا ہے ۔ کمیٹی میں سے اور مولانا گوہر رحمٰن صاحب ایک خاص گروپ کو ریپریزنٹ کرتے ہیں ۔ جس کی حیثیت تسلیم شدہ ہے ۔ اس وجہ سے یہ تاثر اخبارات میں بھی دیا گیا ہے ۔ کہ یہ جو بل کمیٹی کے پاس تھا ۔ وہ متفقہ رائے سے اسی طریقہ سے پاس کرنے کی استدعا کی گئی ہے ۔ حالانکہ یہ غلط بیانی ہے ۔ اس ضمن میں میں نے تحریک استحقاق دی ہوئی ہے ۔ لیکن وہ کل آئے گی آج نہیں آ سکتی ۔

اس ضمن میں میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بنیادی طور پر رپورٹ جو ہے وہ اس سے ٹیلی نہیں کرتی ۔ جو حقائق تھے ۔ ایک تو ایک دن کا گیپ ہے ، دوسرا full consensus والی بات درست نہیں ہے ۔ تیسری بات یہ ہے کہ اختلافی نوٹ خود بخود بتا رہا ہے کہ مولانا صاحب نے کبھی بھی کسی پروویژن سے جو اس بل میں کلاز دی گئی ہیں ان سے ٹیلی نہیں کیا ۔ شروع دن سے وہ اختلافی رہے ۔ اور آخر تک رہے ۔ تو اس وجہ سے یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ جو بل پیش کیا جا رہا ہے یہ full consensus ہے؟ اور اخبارات میں بھی یہی بیانات آ رہے ہیں کہ جو پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ میں امنڈمنٹ ہو رہی ہے ۔ تمام اسٹینڈنگ کمیٹی کے ممبران نے متفقہ رائے سے اور full consensus سے یہ بات کہی ہے کہ اس کو پاس کیا جائے ۔

جناب سپیکر: شکریہ جناب ۔ پوائنٹ آف آرڈر ، جناب امیر حسین صاحب !

چوہدری امیر حسین: جناب والا ! ایک جو اعتراض یہاں کیا گیا کہ کمیٹی کی میٹنگ ۲۳ تاریخ کو ہوئی ہے اس لحاظ سے یہ جو رپورٹ ہے ۔ یہ within time پیش نہیں کی گئی ، تو جناب والا! میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ جو رول بنایا جاتا ہے پرنسپل بنایا جاتا ہے ، آرڈر بنایا جاتا ہے ، اس کے پیچھے ایک حکمت ہوتی ہے ۔ جناب والا ! میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ ۲۳ کو جیسے وزیر انصاف صاحب نے فرمایا کہ صرف مسودہ دکھانے کے لئے میٹنگ کی گئی تھی ۔ میں کہتا ہوں ۔ اس بات کو اگر for the safe of argument تسلیم نہ بھی کیا جائے ، فرض کریں ۲۲ کو ہی مسودہ دکھا دیا جاتا ، ۲۲ کو ہی رپورٹ مکمل ہو جاتی تو کیا ۲۲ کو یہ رپورٹ پیش کی جا سکتی تھی ۔ یا نہیں ؟ وہ اس لئے کہ چونکہ نیشنل اسمبلی کا سیکرٹریٹ اس دن بند تھا اور اس دن کوئی سپیشل آرڈر بھی نہیں تھا

کہ رپورٹ پیش کرنے کے لئے سیکرٹیریٹ کھلا رکھا جائے گا۔ تو چونکہ بندش یہ ہے کہ ۳۰ دن کے اندر رپورٹ present کرنی ہے to the Secretariat of the National Assembly چونکہ ۲۲ تاریخ کو جمعہ تھا سیکرٹیریٹ بند تھا، یہ اب معاملہ اتنا اہم نہیں رہا کہ رپورٹ تیار کب ہوئی، بلکہ اہم معاملہ یہ ہے کہ ۳۰ دن کے اندر رپورٹ present کر دی گئی یا نہیں بھیج دی گئی ہے۔ سیکرٹیریٹ کو یا نہیں؟ کیونکہ ۲۲ تاریخ کو نہیں بھیجی جا سکتی تھی، سیکرٹیریٹ بند تھا۔ اس لئے اگلا ورکنگ ڈے ۲۳ تھا، ۲۳ کو سیکرٹیریٹ کو بھیج دی گئی۔ اس لئے ہر لحاظ سے یہ رپورٹ اندر میعاد سیکرٹیریٹ کو بھیج دی گئی تھی۔ اس لئے یہ رپورٹ کسی لحاظ سے بھی زائد المیعاد نہیں ہے۔ اور اس کی ایکسٹینشن لینے کی ہاؤس سے ضرورت نہیں تھی۔

جناب سپیکر: بہ جناب۔ جناب میر نوانہ خان مروت صاحب!

<u>جناب میر نواز خان مروت</u>: جناب سپیکر! میں نے دونوں طرف کے دلائل سن لئے۔ میں عرض کروں گا میں بھی اس کمیٹی کا ممبر تھا۔ یہاں کچھ فقرے ایسے ادا کئے گئے۔ جن سے شکوک پیدا ہوتے ہیں کہ کمیٹی کے اندر consensus نہیں تھا۔ اور یہ غلط بیانی سے کام لیا گیا ہے۔ میرے خیال میں یہ صرف فاضل رکن کو حق پہنچتا تھا جنہوں نے اختلافی نوٹ دیا ہے۔ وہ اس کی وضاحت کر سکتے تھے۔ جو افراد اس کمیٹی میں موجود نہیں تھے۔ میرے خیال میں ان حالات کو وہ نہیں جانتے اس پوائنٹ پر سب میں تھا کہ جو یہاں بل پیش ہوا تھا۔ اس پر تو ہماری consensus ہے لیکن اس کے علاوہ ہماری مزید تجاویز ہیں جو مولانا کوہر رحمٰن صاحب نے ارشاد فرمایا تھا اور وہ چونکہ اس بل کے دائرے میں نہیں آتے تھے۔ لہٰذا ان کو الگ ایک اختلافی نوٹ کی صورت میں انہیں دینا پڑا۔ جہاں تک اس بل کا تعلق ہے کہ اس میں ڈیفیکشن کلاز ہو، دوسرا وہ الیکشن کمیشن کے متعلق تھا۔ اس پہ انہوں نے اختلاف رائے نہیں کیا تھا۔ لیکن وہ مزید اس میں ترامیم چاہتے تھے۔ جو اصل میں ۱۹۶۲ کا پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ ہے۔ یہ اختلافی نوٹ اس سے متعلق تھا۔

دوسری بات جو ۲۲ اور ۲۳ تاریخ کا انہوں نے سوال اٹھایا ہے اور وزیر قانون صاحب

نے جواب دیا ہے۔ میں یہ عرض کروں گا۔ رول اس پر ٹھیک ہے۔ جی کہ ۳۰ دن ہیں۔ اگر نہ ہو تو اور اگر کوئی خاص ٹائم مقرر کیا جائے تو اس کے اندر رپورٹ دینی چاہیئے۔ حاجی صاحب کا یہ ارشاد بجا ہے۔ لیکن جہاں رولز silent ہوں بعض اوقات اس میں دیکھنا پڑتا ہے کہ حالات کیسے ہیں۔ تو ہمیں دوسرے قوانین سے یا رولز سے بھی راہنمائی حاصل کرنی پڑے گی۔ اس ملک میں ٹھیک ہے وہ اسمبلی کے قوانین سے نہیں ہے۔ لیکن تو persuasive value اس کی ہو سکتی ہے اور وہ ہے لیمیٹیشن ایکٹ۔ لیمیٹیشن ایکٹ اور جنرل کلاز ایکٹ کو اگر ہم پڑھیں گے۔ تو آپ لیمیٹیشن ایکٹ میں دیکھئے کہ آپ کا کوئی بھی کیس ہو۔ اور وہ time barred ہو رہا ہو اور اگلے دن گزیٹیڈ چھٹی ہو۔ یا تو تھی یا کوئی چھٹی بعد میں ہو جاتی ہے۔ لہٰذا وہ دن اس میں شمار نہیں ہو گا اور وہ پیریڈ اس سے مستثنیٰ ہو گا اور یہ تصور کیا جائے گا کہ جیسے یہ اسی تاریخ کو اپیل یا مقدمہ دائر کیا گیا تھا۔ یہی میں جناب اس سے اخذ کروں گا کہ یہاں چونکہ جمعہ تھا، چھٹی کا دن تھا، رپورٹ نیا رکھتی، ٹھیک ہے اگر کمیٹی کی دوبارہ میٹنگ ہوئی ہے وہ لیسے بیٹھ سکتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں کہ صحیح ٹائپ ہوئی ہے۔ یا صحیح بات ہوئی ہے، لیکن جہاں تک time barred ہونے کا تعلق ہے نہ تو یہ کمیٹی کا deliberate act تھا کہ ہم اس ایوان کی کسی صورت میں بھی حکم عدولی کریں گے، اور دوسری بات یہ ہے کہ چھٹی تھی۔ اور آپ کا دفتر بھی بند تھا۔ تیسری بات یہ ہے کہ ہم اس قانون limitation Act اور General clauses act سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں وہ اسی ملک کے قوانین ہیں شکریہ جناب :

جناب لیاقت بلوچ: جناب پوائنٹ آف آرڈر سر۔ جناب سپیکر فاضل ممبر نے پھر دوبارہ اسی بات کو ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ کمیٹی رپورٹ پر consensus تھا در حقیقت جو رپورٹ ہمیں فراہم کی گئی ہے۔ اس میں مولانا گوہر رحمٰن صاحب نے خصوصاً بل کے اندر دی گئی ترامیم کے بارے میں جو اختلافی نوٹ لکھا ہے۔ وہ بہت واضح ہے۔ اس میں انہوں نے خصوصاً اس بات کو لکھا ہے کہ "پیش کردہ ناقص ترین اور نامکمل بل" اس وجہ سے اس کو کیسے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور یہ تاثر دینے کی کوشش کی جا رہی ہے؟ پہلے ایوان سے باہر اخبارات

کے ذریعے اس تاثر کو پیش کیا گیا۔ اب ایوان کے اندر۔ اس فلور پر کھڑے ہو کر اس تاثر کو قائم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کہ consensus تھا جبکہ اس رپورٹ سے بھی ثابت ہوتا ہے مولانا گوہر رحمٰن صاحب کے اس واضح موقف سے ثابت ہوتا ہے کہ اس رپورٹ پر consensus نہیں تھا اور جس گروپ سے وہ تعلق رکھتے ہیں اس کا واضح اختلاف اس سلسلہ میں سامنے آ چکا تھا۔ اس لئے میں جناب سپیکر! یہ بات کہوں گا کہ اس سلسلہ میں خصوصیت کے ساتھ واضح طور پر بتایا جائے کہ consensus کا جو اظہار کیا جا رہا ہے آیا وہ consensus ہے یا محض اس کا تاثر دینے کی کوشش کی جا رہی ہے؟

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر فار جسٹس اینڈ پارلیمنٹری افیئرز!

جناب اقبال احمد خان: جناب سپیکر! میں ایک بات کی وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ ابھی معزز رکن لاہور سے جو ہیں انہوں نے فرمایا ہے کہ ان کا تعلق ایک گروپ سے ہے اور گروپ کا ایک واضح مسلک ہے اس ایشو پر۔ تو میں یہ ذمہ داری سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کمیٹی کے اندر مولانا گوہر رحمٰن صاحب نے واضح طور پر یہ ارشاد فرمایا تھا کہ میں یہاں کسی گروپ یا کسی جماعت کی پالیسی کی بات نہیں کر رہا۔ میں اپنی ذاتی رائے دے رہا ہوں اس لئے یہ بات کہنا کہ مولانا صاحب نے وہاں کسی گروپ کی نمائندگی کی ہے، مولانا صاحب کے اپنے کہنے کے مطابق درست نہیں ہے۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ حاجی محمد سیف اللہ خان صاحب!

حاجی محمد سیف اللہ خان: جناب والا! میں وزیر عدل کے اٹھائے گئے چند نکات کی طرف آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا۔ پہلا اعتراض تو انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ چونکہ اعتراض رپورٹ پیش کرتے وقت نہیں کیا گیا۔ اس لئے اب اعتراض نہیں ہو سکتا یہ چیزیں کسی موشن سے متعلق تو ہو سکتی ہیں۔ ان قوانین و قواعد میں کہیں بھی کسی قاعدے کا حوالہ دے دیا جائے۔ جہاں قانون کی خلاف ورزی کی جا رہی ہو۔ اس کے لئے کوئی وقت معین ہے۔ یا کسی قسم کی پابندی ہے۔ کہ اس قانون کی خلاف ورزی کا سوال فلاں وقت اٹھایا جا سکتا ہے یا فلاں وقت نہیں اٹھایا جا سکتا؟

There is no such limitation in rules of procedure.

اور نہ ہی کسی کا انہوں نے حوالہ دیا ہے۔

نمبر ۲ قاعدہ نمبر ۱۹۴ کے مطابق اس کمیٹی کی رپورٹ

confidential ہوتی ہے۔ جب تک اس ہاؤس میں وہ پیش نہ ہو۔ کسی رکن کو یہ پتہ نہیں ہوتا، ماسوائے اراکین کمیٹی کے۔ کہ اس کے سیاق وسباق کیا ہیں۔ وہ پیش ہو گی۔ اور پیش ہونے کے بعد ہمیں موقع ملے گا۔ اس کو گہرائی سے دیکھنے کا کہ جو کچھ اس میں لکھا گیا ہے وہ درست ہے یا صحیح ہے۔ ۲۸ نومبر کو یہ پیش ہوئی اور اس کے مطالعہ کے بعد آج پہلا دن ہے۔ جب ہم اس پر بیٹھ رہے ہیں۔ اور یہ اعتراض جو قانون کے مطابق ان کی موشن بھی پیش کرنے سے پہلے دیا جا رہا ہے۔ ہر لحاظ سے valid اور درست ہے۔

جہاں تک میرے دوسرے فاضل دوست کا اعتراض ہے کہ جہاں کوئی provision clear cut نہ ہو تو وہاں Limitation Act کا اطلاق ہوتا ہے۔ تو میں آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا کہ وہ اس صورت میں ہوتا ہے جب کوئی ادارہ لازمی طور پر Gazetted holidays کو avail کرنے کا حق رکھتا ہو۔ ہمارے قواعد میں آپ دیکھ لیں کہ رول ۲۸ کے تابع قطعی طور پر ہمارے لئے یہ specify نہیں کیا گیا۔ کہ اس اسمبلی کے ایام کار working days of the Government ہوں گے اور کسی سپیشل حکم کے تابع ہم چھٹی کے دن کام کر سکیں گے بلکہ اس میں قطعی طور پر جناب سپیکر کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اس کے ایام کار اور اس کے hours of business مقرر کرنے میں قطعی طور پر خود مختار ہیں۔ اس ایوان پر چھٹیوں کا گزٹیڈ ہالیڈیز کا کوئی بھی اطلاق نہیں ہوتا۔ جب اس ایوان میں ۲۲ تاریخ خود مانگی گئی تھی، ممدور کی طرف سے کہ ۲۲ تاریخ کا وقت دیا جائے۔ اور ۲۲ تاریخ کا وقت دیا گیا تھا۔ تو یہ اس کمیٹی کا فرض تھا کہ وہ سوچتی کہ ۲۲ کو اگر چھٹی ہے تو ہم نے ۲۱ کو adjournments آپ دیکھیں یہ نہیں کہ وہ باقاعدہ تواتر سے کام کرتے رہے۔ بلکہ انہوں نے آخری دن ۲۳ کو کام کیا اور جو اس سے پہلے

POINT OF ORDER

سٹینگ ہے اس کی وہ ۱۵ نومبر کی ہے۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ۱۵ نومبر کے بعد وہ ۲۱ نومبر fix نہیں کر سکتے تھے۔ اور انہیں ۲۳ نومبر fix کرنی تھی اس لئے کہ ۲۲ کو چھٹی تھی؟ presentation کے بارے میں سوال ہو سکتا ہے، مگر جہاں تک کمیٹی کی میٹنگ منعقد کرنے کا سوال ہے وہ لازمی طور پر ۲۲ کو یا ۲۲ سے قبل ہونی چاہیئے تھی۔ اور اگر انہوں نے ۲۴ نومبر کو کی ہے تو پھر اس کے لئے اس ایک دن کی extension لینا ان کے لئے لازمی تھا۔ اور جب تک وہ extension نہ لیں اس وقت تک یہ رپورٹ قانون و قواعد کے تابع اسمبلی میں پیش کردہ رپورٹ تصور نہیں کی جا سکتی۔ لہٰذا اس صورتحال میں میں سمجھتا ہوں کہ یہ رپورٹ چونکہ قواعد کی صریحاً خلاف ورزی کرتے ہوئے پیش ہوئی ہے۔ اس لئے یہ ایوان اس رپورٹ کو زیر غور نہیں لا سکتا۔ تاوقتیکہ اس کی extension claim نہ کی جائے۔

اس کے ساتھ جہاں تک سیاق و سباق کا تعلق ہے، خود جو پیرا جناب وزیر قانون نے مولانا گوہر رحمان کے اختلافی نوٹ کا پڑھ کر سنایا ہے اس میں واضح طور پر لکھا گیا ہے اور ایک لفظ انہوں نے نہیں دکھایا جس میں لکھا گیا ہو کہ اگر یہ دستور کے تحت درست ہے یا غلط ہے تو پھر میں مان لوں گا۔ وہ تو شروع سے لے کر اس کی آخری سطر تک اس موجودہ بل سے اختلاف کرتے آئے ہیں کہ یہ نامکمل ہے، غلط ہے۔ اور میں اس سے اتفاق نہیں کرتا۔ ایک تو قاعدے کے مطابق یہ رپورٹ پیش نہیں کی گئی اور دوسرا یہ رپورٹ غلط واقعات و حقائق پر مبنی ہے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس رپورٹ کی قطعی طور پر کوئی آئینی اور قانونی حیثیت نہیں ہے اور یہ ایوان اسے زیر بحث لانے کا حق نہیں رکھتا۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: Sardar Aseff Ahmed Ali Sahib, you want to add something? Yes, Mr. Aseff Ahmad Ali.

Sardar Aseff Ahmed Ali: Mr. Speaker, Sir, it is not accepting the verdict of the honourable Law Minister that there was consensus in the Committee. I think the whole issue could be resolved once the honourable member who has expressed dissent is allowed to come and enlighten this House as to what sort of consensus or what sort of dissent he was able to present to the Committee.

جناب سپیکر: Thank you ہمارے پاس اس وقت دو ایشوز فریم ہو کر آ گئے ہیں

ایک یہ ہے کہ یہ جو کمیٹی کی رپورٹ تھی۔ یہ ۲۲ نومبر کو مکمل ہو کر ایوان کو واپس پیش کی جائے۔ حاجی سیف اللہ خان صاحب کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ یہ جو ۲۲ نومبر کی تاریخ ہے۔ ایوان کی اجازت کے بغیر اس میں توسیع نہیں کی جا سکتی۔ معزز وزیر عدل و انصاف کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ چونکہ جمعہ کا روز تھا ۲۲ کو اور non working day تھا اسمبلی سیکرٹیریٹ کا اس لئے ۲۳ نومبر جو دوسرا ورکنگ ڈے بنتا ہے۔ اس کو تصور کیا جائے اب اس پر رولز as such میں سمجھتا ہوں کہ وضاحت کرتے ہیں۔

Rule 208 (2) also explains it:

"A notice delivered when the Notice Office is closed shall be treated as given on the next working day".

اگر ورکنگ ڈے کی تشریح بھی کی جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ We can treat it as such, ایک دن اگر بند ہو جیسا کہ limitation Act میں بتایا گیا ہے کہ جب کوئی تاریخ دی جاتی ہے which falls on a particular day

حاجی صاحب نے یہ کہا کہ working days plus the working hours are fixed by the Speaker of the House. This is correct. The Speaker also fixes the working days in accordance with certain rules, which he and the Secretariat have arrived at. They can, of course, be changed with the consent of the Speaker. At the present time Fridays are closed. But I think, in this particular wav, we can treat this motion as such on the next working day.

As far as the consensus is concerned, I will read out some definition from the Oxford English Dictionary:

POINT OF ORDER

"Consensus" means "a general - - - - concord of different - - - - organs of the body in effecting a given purpose; sympathy".

Second definition is "agreement in opinion". The words which have been used here are:

> "There was full consensus among the Members of the Committee to the effect that the Bill, as received, may be passed.
>
> While supporting the provisions of the Bill, Maulana Gohar Rehman suggested certain amendments relating to the other provisions regarding political parties in the Constitution and the Political parties Act, 1962, and also submitted a note of dissent as at Annex ure I. Khawaja Muhammad Safdar, however, expressed the view that these amendments were outside the scope of the present Bill".

Now the difficulty which arises here is that a Note of Dissent has been given and the question is whether the words "There was full consensus" be used or not. The exact words of Maulana Gohar Rehman are

"سیاسی جماعتوں کے ایکٹ ۱۹۶۲ میں مزید ترمیم کا بل جس شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ اسی شکل میں قابلِ قبول نہیں ہے۔ میری اس رائے کی وجوہات درج ذیل ہیں۔"

Here I think there is a slight contradiction. I would say that the bill, as it stands, should be admitted, but, in the future, people who draft such Committee reports should be more careful in the language that they actually use so that the meanings that are conveyed in the Notes of Dissent must be accurately reflected in the report that is presented to the House. This would be my plea to the honourable members. Thank you.

حاجی محمد سیف اللہ خان: پوائنٹ آف آرڈر، محترم جناب! میرا دوسرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ ایک تو میں جناب والا سے یہ وضاحت اور رولنگ چاہوں گا کہ جہاں تک رول ۲۰۸ کے تاریخ کسی چیز کے نوٹس دینے کا تعلق ہے تو یہ درست ہے۔ میں آپ سے اس پر

بھی رولنگ چاہوں گا کہ رول ۲۰۸ چونکہ نوٹس کے متعلق ہے اگر رپورٹ پیش کرنے کے لئے اسمبلی کوئی تاریخ مقرر کر چکی ہے۔ تو کیا اس تاریخ کے بعد اس کمیٹی کی میٹنگ بھی ہو سکتی ہے؟ اور اگر اس کمیٹی کی میٹنگ ہو سکتی ہے تو کیا اس کے لئے اس ہاؤس سے بعد میں extension لیے بغیر اس دن کی کارروائی کو جو کہ اسمبلی کی مقرر کردہ میعاد کے بعد ہوئی۔ جائز قرار دیا جا سکتا ہے؟ اس پر میں آپ کی رولنگ چاہوں گا۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں میں نے اس کی وضاحت کر دی ہے۔ وہی پوائنٹ آپ نے دوسرے طریقہ سے پیش کر دیا ہے۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: نہیں سر! یہ تو بالکل ہی مختلف انداز میں ہے۔ میں تو اسی Base پہ نئی رولنگ چاہتا ہوں۔ وہ تو آپ نے اس لئے فرمایا کہ چونکہ اس دن چھٹی تھی اور رول ۲۰۸ کے تابع اگر اسمبلی کو کوئی نوٹس deliver کرنا ہو تو وہ دوسرے دن deliver کیا جائے گا۔ وہ اور چیز ہے وہ ۲۲ کو رپورٹ نہیں بھجوا سکے۔ میرا سوال یہاں پر یہ ہے کہ اس مقررہ تاریخ کے بعد کیا اس کمیٹی کی میٹنگ بھی ہو سکتی ہے؟ اور اگر ہو سکتی ہے تو کیا اس کے بعد مقرر کردہ میٹنگ کے لیے اس ہاؤس سے extension لینا ضروری ہے۔ یا نہیں ہے قطع نظر اس سارے بل کے؟ آپ کی وہ رولنگ تو آ گئی۔ میں از سر نو اس نکتہ پر رولنگ چاہتا ہوں۔ نوٹس اور چیز ہے، کمیٹی کا منعقد ہونا، کمیٹی کا بیٹھنا، اس کا اجلاس کرنا وہ اور چیز ہے۔ وہ ۲۳ کو ہوا ہے۔ جو کہ رپورٹ سے ظاہر ہے۔

میں آپ کی دوسری رولنگ اس سلسلہ میں یہ چاہوں گا کہ جب کسی رپورٹ کے اندر کوئی فقرہ ایسا درج کر دیا جائے۔ آپ نے consensus کے بارے میں جو کچھ فرمایا اس سے مجھے سو فیصد اتفاق ہے۔ مگر یہاں تو آپ نے اختلافی نوٹ دیکھا۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھے یہ ترمیمی بل جس شکل میں وہ پیش کیا گیا تھا قابلِ قبول نہیں ہے۔ یہ فقرہ آپ نے پڑھا اور یہاں لکھا جا رہا ہے کہ

"Which supporting the provisions of the Bill, Maulana Gohar Rehman suggested certain amendments ———".

POINT OF ORDER

ان کے اختلافی نوٹ میں کسی جگہ پر یہ بات موجود ہے۔کہ اس بل کو تو میں support
کرتا ہوں اور اس کے علاوہ یہ ترامیم دیتا ہوں ؟ وہ تو سرے سے آپ کے اس پڑھے
ہوئے فقرے کے مطابق شروع سے ہی اس ترمیمی بل کی مخالفت کر رہے
ہیں کہ مجھے یہ ترمیمی بل اسی شکل میں قابلِ قبول نہیں ہے ۔ تو اس پر جناب والا !
میں آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا ۔

while keeping aside the ruling which has already been given,

میں از سر نو عرض کروں گا کہ آئندہ کسی وقت یہ صورتحال ہو کہ ممبر لکھ رہا ہے ۔ کہ
مجھے بل منظور نہیں ہے۔ اور رپورٹ میں درج ہو کہ "while supporting the Bill"
تو اس کے بارے میں آپ کی رولنگ کیا ہوگی ؟

جناب سپیکر: آپ نے میرے خیال میں وہی نکتہ بہت احسن طریقہ سے دھرایا ہے ۔معذرت
کے ساتھ میں نے جو رولنگ دی ۔ وہ یہی تھی ۔ I am laying down a precedent.
ہر رولنگ کے بارے میں ہمیشہ دو نظریات ہوتے ہیں جو اس کی legal interpretation ہے
Limitation Act کے مطابق on the next working day ہے
اب جب دوبارہ پروسیجر دیکھیں گے اس اسمبلی کا جو اس وقت ہے اس کی
وضاحت آپ Black and White میں کر دیں گے

Till that time the ruling that I have given, I think, shall stand.

دوسرا پوائنٹ جو اس میں آتا ہے میں نے اس کے بارے میں صرف یہ کہا ہے کہ ۔

I think greater caution should be taken in fairly representing the points of view of the respective members on a Committee in writing a summary which accurately reflects the points of view of the members. This is self-explanatory in itself.

THE POLITICAL PARTIES (AMENDMENT) BILL, 1985

Mr. Iqbal Ahmed Khan: Sir, with your kind permission, I get to move:

"That the Bill further to amend the Political Parties Act, 1962. The Political Parties (Amendment) Bill, 1985, as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once".

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the Bill further to amend the Political Parties Act, 1962. The Political Parties (Amendment) Bill, 1985, as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once".

Several Members: Opposed.

Haji Muhammad Saifullah Khan: Sir, I get to move:

"That the Political Parties (Amendment) Bill, 1985, as reported by the Standing Committee, be circulated for the purpose of eliciting opinion thereon by the 15th January, 1986."

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Sir, I beg to move:

"That the Political Parties (Amendment) Bill, 1985, as reported by the Standing Committee, be circulated for the purpose of eliciting opinion thereon by the 15th January, 1986".

شاہ بلیغ الدین : جناب والا ! ایک بل ییں نے بھی پیش کیا ہے۔
"کہ سیاسی پارٹیوں کی بحالی کے ترمیمی بل کو عوامی رائے کے لئے مشتہر کیا جائے"

THE POLITICAL PARTIES (AMENDMENT) BILL, 1985

Sh. Rashid Ahmed: Sir, I move:

"That the Political Parties (Amendment) Bill, 1985, as reported by the Standing Committee, be circulated for the purpose of eliciting opinion thereon by the 15th January, 1986".

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, I beg to oppose the amendements moved.

جناب وصی مظہر ندوی: جناب میں نے تجویز کیا ہے
کہ "چار ہفتے کے لئے پبلک کی رائے کے لئے اسے مشتہر کیا جائے۔"

Mr. Speaker: Honourable Minister for Justice and Parliamentary Affairs.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, I beg to oppose the amendments submitted by Haji Muhammad Saifullah Khan from Rahim Yar Khan and Dr. Sher Afgan Khan from Mianwali Bukkur.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: I am a member from Bukkur first and then from Mianwali.

Mr. Speaker: Thank you very much. Thank You, Sir.

Mr. Iqbal Ahmed Khan: And Shah Baleeghuddin from Karachi and Rashid Ahmed from Rawalpindi.

Mr. Speaker: Haji Muhammad Saifullah Khan Sahib.

حاجی محمد سیف اللہ خان: جناب والا! موجودہ بل جس کے بارے میں اس ایوان کو غور کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔ یہ عوامی نوعیت کا اہم ترین بل ہے۔ جس کے اثرات اس مملکت پاکستان کے ہر شہری پر ہوتے ہیں۔

(اس موقع پر جناب ڈپٹی سپیکر (سردار وزیر احمد جوگیزئی) کرسی صدارت پر متمکن ہوئے۔)

حاجی محمد سیف اللہ خان: دنیا کی تمام مہذب قوموں میں اور بالخصوص ان ممالک میں جو ریحانی روایات کو تسلیم کرتی ہیں اس امر کو بین طور پر تسلیم کیا گیا ہے

اور کوئی شک نہیں کہ پارلیمنٹوں کے کئے گئے فیصلوں کا پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قوانین کا موثر طور پر اس معاشرے اور قوم پر اطلاق توضرور ہو جاتا ہے ، وہ قوانین ، وہ مسودات ایک قانون کی شکل توضرور اختیار کر لیتے ہیں۔ مگر جب کوئی قانون اس اہمیت اور اس نوعیت کا ہو کہ جس میں اس ملک کا ہر فرد فریق بننا چاہتا ہو یا اس کے مفادات اس سے وابستہ ہوں تو پھر تمام پارلیمنٹس میں طریق کار مروج رہا ہے کہ ایسے قوانین بنانے سے قبل ایسے قوانین پر غور کرنے سے قبل ان قوانین اور مسودات کو عوام کی عدالت میں بھیجا جاتا ہے اور اس عدالت میں بھیجنے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ پھر جب عوام کی عدالت اس مسودے کے بارے میں اپنا فیصلہ صادر کر دے اور اس کے بارے میں اپنی رائے دے دے اور اس رائے اور فیصلہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے اور اس کا مکمل طور پر احترام کرتے ہوئے جب کوئی ایوان ان کے لئے قانون سازی کرے گا تو پھر وہ قانون اس ایوان کا قانون نہیں ہوگا بلکہ اس ملک کے بسنے والے ہر فرد اور ہر شہری کا اپنا قانون ہوگا اور جو وابستگی اس شہری کو اس قانون کے ساتھ پیدا ہوگی جو لگاؤ اور محبت اس شہری کو اس قانون کے ساتھ پیدا ہوگی جس میں اس کی اپنی ذاتی رائے کا عمل دخل موجود ہے تو وہ قانون کبھی بھی میں سمجھتا ہوں کہ کسی معاشرے میں غیر مؤثر نہیں ہو سکتا۔

بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں قانون تو بنائے جاتے رہے، قانون بنائے جاتے ہیں قانون بنانے کا حق کوئی شک نہیں کہ اس ملک کے اور تمام ملکوں کے ایوانوں کو ہی حاصل ہوا کرتا ہے ، مگر کبھی ہم نے اس چیز کا اندازہ لگایا کہ جو قوانین انتہائی طور پر عوامی نوعیت کے ہوتے ہیں ان میں جب تک ان ایوانوں نے اپنے ساتھ اس ملک کے شہریوں کو شریک نہیں کیا۔ ان کی رائے کو اپنے لئے رہنمائی کا باعث نہیں بنایا تو پھر وہ قانون کبھی بھی اس معاشرے میں نہ تو کار آمد ثابت ہوئے ہیں۔ نہ مفید ثابت ہوئے ہیں اور نہ وہ مؤثر طور پر لاگو ہو سکے ہیں۔ میں اور قوانین کی طرف نہیں جاتا میں دوسرے قوانین کی بات نہیں کرتا میں خالصتاً اپنے آپ کو اس پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کی طرف محدود کروں گا۔ اور اپنے آپ کو اس پر confine کروں گا۔

اس قانون کی تاریخ بھی میں آپ کے سامنے پیش کر دوں کہ یہ قانون اس ملک

یہں پہلی دفعہ نافذ نہیں کیا جارہا یہ قانون اس ملک میں پہلی دفعہ پیش نہیں کیا جارہا۔

بلکہ یہ قانون اس ملک میں اس سے پہلے بھی رائج ہوا۔ وہ دوسرے نام سے رائج ہوا اس کے بعد پھر ۱۹۶۲ء میں سیاسی جماعتوں کا ایک قانون ۱۹۶۲ء کی اسمبلی نے اس ملک کے لئے پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ ۱۹۶۲ء کے نام سے نافذ کیا پھر اس کے بعد اس اسمبلی نے ۱۹۶۳ء میں جب دشواری محسوس کی اس قانون کو مکمل طور پر نافذ کرنے میں تو انہوں نے اس کی ترمیم ۱۹۶۳ء میں کی۔ پھر جب ۱۹۷۳ء کا آئین نافذ ہوا تو ایک بار پھر احساس پیدا ہوا کہ قانون ہمارے آئینی اور قانونی تقاضے پورے نہیں کرتا۔ اس وقت اس چیز کو ملحوظ خاطر رکھا گیا کہ ۱۹۶۲ء کے قانون کے تابع جو شرائط اس قانون میں درج کی گئی تھیں وہ چونکہ ۱۹۷۳ء کے آئین سے متصادم تھیں تو اس صورت میں نہ صرف اس اسمبلی کو ۱۹۶۲ء کے قانون میں ترمیم کی ضرورت لاحق ہوئی بلکہ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے آئین میں بھی ترمیم کی اور آئین کے آرٹیکل ۱۷ میں بھی ۱۹۷۵ء میں نئی ترمیم کی گئی پھر اس ترمیم کی روشنی میں ۱۹۶۲ء کے پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ میں ایک اور ترمیم کی گئی۔

اس کے بعد یہ سلسلہ بند نہ ہوا بلکہ اس قانون کو اور زیادہ اپنی پسند اور ضرورت کے مطابق بنانے کے لئے مارشل لاء کے دور میں بھی اس کی ضرورت محسوس کی گئی۔ اور اس قانون کی ۱۹۷۸ء میں ایک بار پھر ترمیم کی گئی اس سے بھی جی نہ بھرا اور اس کے بعد ۱۹۷۹ء میں پھر اس پر اور قدغن لگائی گئیں کہ کس طرح سے اس ملک میں سیاسی اور جمہوری عمل کو قطعی طور پر ختم کیا جا سکتا ہے اور اس ملک کے عوام کو سیاسی لحاظ سے کس طرح پابند سلاسل بنایا جا سکتا ہے کس طرح سیاسی امور سے ان کا عمل دخل کم کیا جا سکتا ہے کس طریقے سے ان کو سیاسی حقوق سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے محروم رکھا جا سکتا ہے تو پھر اس پر ۱۹۷۹ء میں بھی ایک ضرب کاری لگائی گئی یہ سلسلہ بند نہ ہوا بلکہ ۱۹۸۵ء میں بھی ایک ترمیم کی گئی۔ اس پارلیمنٹ کے آنے سے قبل بھی۔ پھر بھی اس سے سمجھا گیا کہ ابھی بھی کوئی کسر باقی رہ گئی ہے اس قانون میں شاید ابھی بھی کوئی ایسی شق موجود ہے جس کے تابع شاید اس ملک کے شہری اس ملک کے اندر سیاسی سانس لے سکیں تو اس سانس کو ختم کرنے کے لئے اور مکمل طور پر سیاسی عمل کا دروازہ بند کرنے کے لئے اور اس کا گلا گھونٹنے کے لئے بدقسمتی سے ہماری موجودہ حکومت کو بھی یہ سعادت اور یہ شرف حاصل ہو رہا ہے کہ جو کمی مارشل لاء والوں

سے رہ گئی تھی۔ اس ملک سے سیاسی عمل کو ختم کرنے کے لئے اس کمی کو پورا کرنے کے لئے موجودہ حکومت نے اپنے آپ کو انتہائی موزوں قرار دیا اس ملک میں سیاسی عمل کو سیاسی دائرے کو سیاسی جماعتوں کو ہمیشہ ہمیشہ سے ختم اور محروم کرنے کے لئے کہ وہ ایک اور ترمیمی بل لائیں تاکہ اس ملک میں سیاسی جمہوری ادارے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ذاتی غلامی کی زد میں آجائیں۔

جب ایوانوں اور حکومتوں کا طریقہ کار یہ ہو جاتا ہے کہ وہ عوام کی خواہشات کے برعکس عوام کے مفادات کے برعکس، عوام کی ضروریات سے برعکس، ملک اور قوم اور ملت کے مفادات کو پس پشت ڈال کر محض اور محض اپنی اکثریت کے بل بوتے پر آمرانہ رویہ اختیار کرتے ہیں اور اس طریقے سے اپنی اکثریت کے بل بوتے پر عوام کی رضا مندی شامل کیے بغیر وہ اگر کوئی قانون منظور کرا لیتے ہیں تو پھر ان قوانین کی دھجیاں بازاروں، گلیوں اور سڑکوں میں اڑائی جاتی ہیں اور یہ پہلی بار نہیں ہو رہی ہمیں ماضی کے تجربات سے سبق حاصل کرنا چاہیئے کہ ماضی میں کیا ہوتا ہے جب بھی عوام پر توجہ نہیں دی گئی۔ جب بھی عوام کی رائے کو شامل حال نہیں کیا گیا۔ جب بھی عوام کو ان ایوانوں کے ساتھ شریک کار نہیں کیا گیا تو پھر ان ایوانوں کو ان عوام کا اعتماد اٹھ جانے کی بنا پر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم ہونا پڑا یہ ایوان اس وقت ایوان رہ سکتے ہیں یہ ایوان اس وقت تک باقی رہ سکتے ہیں جب تک ان ایوانوں کو عوام کا اعتماد حاصل رہے اور ان ایوانوں کو عوام کا اعتماد اس وقت حاصل ہو سکتا ہے جب ان کے معاملات کو طے کرنے کے لیے وہ انہی کی رائے کا سہارا لیں، ان کو بھی اس میں شریک کریں، اور ان کی رائے جو بھی آئے جس طرح بھی آئے اس کو من و عن تسلیم کر کے ان کے لئے نافذ کریں تو وہ قانون کبھی بھی غیر موثر نہیں ہوتا اور اس ایوان سے کبھی عوام کا اعتماد نہیں اٹھتا۔

یہ ذہن سے اڑا دینا چاہیئے یہ امر ذہن سے نکال دینا چاہیئے کہ چونکہ آئین میں لکھ دیا گیا ہے کہ ان ایوانوں نے پانچ سال تک کے لئے رہنا ہے اور پانچ سال تک یہ ایوان مطلق العنان ہیں کہ اپنی مرضی اور اپنی اکثریت کے بل بوتے پر اس ملک کے شہریوں پر جس قسم کے قانون، جس قسم کے مسودات جس قسم کی آرا، تھوپنا چاہیں وہ تھوپ سکتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ خام خیالی ہے، قطعی طور پر غلط ہے میں نے میعاد سے پہلے بھی ان ایوانوں کو اڑتے دیکھا ہے میں نے میعاد سے قبل بھی ان ایوانوں کو ٹوٹتے دیکھا ہے اور میں نے مقررہ میعاد سے قبل بھی ان ایوانوں کو dissolve

ہوتے دیکھا ہے پھر اس وقت جب وہ ایوان عوام کے پاس جاتے ہیں تو ان کی حالت یہی ہوتی ہے کہ وہ عوام انہیں منہ لگانے کے لئے تیار نہیں ہوتے اور وہ انہیں اپنے سے ایک مختلف مخلوق تصور کرتے ہیں۔ جہاں یہ صورت حال ہو اور یہ نہیں کہ ہم کہیں باہر کی باتیں کر رہے ہیں ہم کتابوں کی لکھی ہوئی باتیں کر رہے ہیں ہم کتابوں کے حوالے دے رہے ہیں، بلکہ اس ملک کو کئی بار جناب والا! اس کے تجربات ہو چکے ہیں۔ آپ نے دیکھا کہ مسودات تو مسودات، جب عوام کو ان کی آئین سازی میں شریک نہ کیا گیا۔ تو آئین بھی اس ملک میں نہ چل سکا آپ نے دیکھا کہ باوجود اسمبلیوں کا مکمل اعتماد رکھتے ہوئے، باوجود اسمبلیوں کے متحد و متفق ہونے کے، جب عوام کا اعتماد ان کے ساتھ نہ رہا تو ۱۹۶۹ء کی اسمبلیوں کا کیا حشر ہوا؟ آپ نے دیکھا کہ جب ۱۹۷۷ء کی قائم شدہ اسمبلی کو عوام کا اعتماد نہ رہا۔ تو اس اسمبلی کا وجود کہاں گیا! بلکہ اس حد تک کیا گیا کہ اس اسمبلی اور الیکشن کو آئین سے بھی خارج کر دیا گیا کہ اس آئین کے تحت منعقدہ الیکشن بھی تصور نہیں کیا جائے گا۔ یہ صورتحال ہوتی ہے جب ہم عوام کو شریک کار نہیں کرتے یا عوام کی خواہشات اور مرضی کا عمل دخل سامنے نہیں رکھتے اور محض اکثریت کے بل بوتے پر اکثریت کی بنا پر اپنا یہ ایک قانونی اور آئینی حق سمجھتے ہیں کہ یہ نمائندے بیٹھ کر جو کچھ بھی کریں گے وہ عوام کے لئے قابل قبول ہوگا (مداخلت) ہاں، ہاں یہ ہوتا ہے اس کا حق بھی ہے کہ ایوان جو بھی قانون بنائے اس کی قانونی حیثیت بھی ہے مگر اس ایوان کے لئے یہ بھی لازم ہے کہ وہ قانون بناتے وقت عوام کی خواہشات کو بھی سامنے رکھے عوام کی ترجیحات کو بھی سامنے رکھے۔

میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب انتخابات ہو رہے تھے آج مجھے یہ تحریک پیش کرنے کی ضرورت نہ ہوتی۔ اگر اس مسودہ قانون کو عوام کی خواہشات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس ایوان میں پیش کیا جاتا میں نہیں بلکہ اس ایوان کا ہر رکن عوام کے احساسات اور جذبات سے مکمل طور پر آگاہ ہے کیا کچھ عوام کے ساتھ آج تک نہیں کیا گیا کون کون سے دھوکے، فریب اور سراب ہیں جو عوام کو نہیں دکھائے گئے اور عوام کے حقوق پر کس کس طرح سے میں سمجھتا ہوں کہ ڈاکے ڈالے گئے ہیں ان تمام چیزوں کے باوجود چونکہ ماضی کی سیاسی جماعتوں نے بھی عوام کی خواہشات کا احترام نہ کیا، اس وقت کی سیاسی جماعتیں بھی حکومت کے بل بوتے پر اور حکومت کی طاقت پر

چلتی رہیں۔ لالچ و ترغیب و تحریص کو انہوں نے اپنا شعار اور منشور بنایا اور پھر آپ نے دیکھا کہ ایک وقت بھی اس ملک میں آیا کہ جب سوال پیدا ہوا۔ ۱۹۸۵ء کے انتخابات کے سلسلے میں کہ انتخابات جماعتی بنیادوں پر ہوں یا غیر جماعتی بنیادوں پر، تو ایک طرف یہ نقطہ نظر دیا گیا کہ انتخابات غیر جماعتی بنیادوں پر ہوں گے۔ اور دوسری طرف سے یہ اپیل کی گئی، سیاسی جماعتوں کی طرف سے عوام کے پاس، کہ نہیں، صرف اور صرف جماعتی بنیادوں پر ہی انتخابات، انتخابات کہلائے جا سکتے ہیں اور عوام کو کہا گیا کہ وہ ان انتخابات کا بائیکاٹ کریں یہ ایک بہت بڑا سبق ہے اس ملک کی سیاسی جماعتوں کے لئے کہ کیوں اس ملک کے عوام نے ان کی اپیل پر کان نہ دھرا۔ کیوں انہوں نے سیاسی جماعتوں کو نظر انداز کرتے ہوئے۔ سیاسی جماعتوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے غیر جماعتی انتخابات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ یہ چیز سوچنے سے تعلق رکھتی ہے، غور کرنے سے تعلق رکھتی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حاجی صاحب آپ نے اپنا پوائنٹ آف ویو ایکسپلین کر دیا ہے۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: جناب والا! وہی تو کر رہا ہوں اور تو کچھ نہیں کر رہا اور میرا ۔۔۔ ہ ایسا نہیں جس میں سیاسی جماعتوں کا نام نہ ہو، اور کوئی فقرہ ایسا نہیں جس میں عوام کا نام نہ ہو۔ رائے کا بھی عمل ۔۔ ہر فقرے میں ہے، جناب والا!

وزیر مملکت برائے محنت و افرادی قوت و بیرون ملک رائے منصب علی خاں: پوائنٹ آف آرڈر، جناب! یہ تقریر جو حاجی سیف اللہ خان صاحب فرما رہے ہیں۔ یہ تقریر وہ اس ہاؤس میں تین چار مرتبہ پہلے کر چکے ہیں یہی فقرے، یہی الفاظ اور یہی لہجہ اختیار کر کے بہت دفعہ دہرا چکے ہیں جناب والا میری یہ استدعا ہے کہ آپ کی وساطت سے کہ اب یہ بار بار انہی فقروں کو انہی الفاظ کو اور انہی آرگومنٹس کو نہ دہرائیں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: جناب والا! جب تک بار بار حکومت عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالتی رہے گی، جب تک حکومت بار بار۔۔

شاہ بلیغ الدین: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا! آپ کی خدمت میں جو پوائنٹ آف آرڈر پیش کیا گیا ہے اس کے بارے میں مجھے اعتراض ہے، اور میں آپ کی وساطت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں اس فلور پر جو تقریر کی اجازت ہے حرف بحرف اور الفاظ وہی دہرائے جائیں گے

اور جو حاجی صاحب کے بارے میں یہ تاثر پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ حاجی صاحب بار بار ایک ہی چیز پیش کرتے ہیں یہ غلط ہے۔ قواعد اور حالات کے لحاظ سے ممکن ہے کہ بعض فقرے دہرائے جائیں، لیکن یہ تو کوئی اعتراض نہیں ہے کہ حاجی صاحب کی تقریر کو محض اس وجہ سے ٹوکا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حاجی صاحب سے یہ گزارش ہے کہ ذرا مختصر کر لیں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: جناب والا آپ یہ تو دیکھیں کہ بل کیسا ہے اور اس کا تعلق کس سے ہے؟ اس ملک کے نو کروڑ عوام کی قسمت سے، اس کا تعلق اس ملک کی بقاء سے ہے۔ اس کا تعلق اس ملک کی سالمیت سے ہے کیونکہ سیاسی عمل ہر زندہ قوم کے لئے دوڑتے ہوئے خون کی مانند ہوا کرتا ہے، سیاسی عمل ہر زندہ قوم کے جسم میں اس کی روح کی حیثیت رکھتا ہے اور جب کسی قوم کے اندر سیاسی عمل ختم ہو جائے تو وہ قومیں ہمیشہ ہمیشہ کیلئے تاریخ کے صفحات سے مٹ جایا کرتی ہیں۔ یقین جانیئے کہ اس قانون کی اہمیت آئین سے کم نہیں ہے بلکہ آئین بھی اسی سیاسی عمل سے تخلیق پاتے، آئین بھی اسی سیاسی عمل سے جنم لیتے ہیں اور یہ ایوان بھی اسی سیاسی عمل سے جنم لیتے ہیں۔

تو میں گزارش کروں گا۔ کہ اس قانون سے صرف نظر نہ کیا جائے اس پر عدم توجہی کا مظاہرہ نہ کیا جائے، بلکہ اس قانون کی اس طرح سے اس ہاؤس میں چھان پھٹک کی جائے اس طرح سے اس پر غور کیا جائے اور اس کے بعد اس قانون کو اس طریقے پر بنایا جائے کہ یہ قانون اس قوم کا اپنا قانون ہو اور جب تک اس ملک میں سیاسی عمل ہو تو یہ قانون ان کا ممد و معاون ثابت ہوتا رہے تو اس میں اوقات کی کبھی بھی پابندی نہیں ہوتی۔ جب تک موضوع سے کوئی چیز ہٹے نہیں

جناب والا میں عرض کر رہا تھا کہ آخر کیا وجہ ہوئی۔ میں یہ ضرورت محسوس کر رہا ہوں۔ یہ تمام توضیحات میں اس لیے دے رہا ہوں کہ اس بل کو عوام کے پاس بھیجنے کی ضرورت کیوں محسوس کی جا رہی ہے اور کیوں اس کی ضرورت ہے؟ اس کے لیے مجھے تاریخ کی ورق گردانی بھی کرنی پڑے گی۔ اور ساتھ ساتھ اس مملکت پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے قبل اور آج تک جو کچھ سیاسی عمل اس کے ساتھ بیتتا رہا، جو کچھ بھی کارگزاری ہوتی رہی اس سب کا آج ہمیں جائزہ لینا پڑے گا۔ کہ آخر کیوں ہم عوام کو اس قانون کی تدوین میں شریک کرنا چاہتے ہیں۔

تو جناب والا! میں عرض کر رہا تھا - کہ باوجود تمام سیاسی جماعتوں کی متفقہ اپیل کے قریباً قریباً تمام جماعتوں کی، کہ اس ملک میں انتخابات جماعتی بنیادوں پر ہونے چاہیں۔ اس کے باوجود عوام نے ان کی

اس اپیل پر کان نہ دھرا۔ عوام نے ان کی اس منفقہ اپیل کو قطعی طور پر قابل قبول نہ سمجھا۔ اور یہ کہنا بھی غلط ہے کہ ان انتخابات میں صرف ۲۵ فیصد لوگوں نے ووٹ ڈالے ہیں۔ قطعاً نہیں۔ میں ثابت کر سکتا ہوں۔ اصل فگرز سے ثابت کر سکتا ہوں کہ اس ملک کے ۶۰ فیصد لوگوں نے ووٹ ڈالے ہیں ۶۵ فیصد کی اس صورت میں آتی

اس کے بعد لسٹیں نہیں بنیں۔ آپ نے دیکھا کہ لوکل گورنمنٹ کے جو انتخابات ہر گلی ہر کوچے اور ہر محلے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان میں ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ ہم نے بھی وہ انتخابات لڑے ہیں کہ مریض انتہائی شدت کی حالت میں ہے مگر ووٹ ڈالنے کے لئے چارپائیوں پر اٹھا کر ہم نے اس کے ووٹ بھگتوائے۔ ان لوکل گورنمنٹ کے انتخابات میں اس کے باوجود ان انتخابات کا تناسب ۶۵ فیصد سے نہیں بڑھا۔ جبکہ ایک فرد کو بھی اس میں نہیں چھوڑا جاتا۔ کیونکہ اسی بستی سے اسی محلے سے اور اسی گاؤں سے اس کا تعلق ہوتا ہے۔ اور اس کا اپنا براہ راست مفاد، براہ راست تعلق، اس نمائندے کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور ہر آدمی اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی کوشش کرتا ہے۔ تو ان انتخابات میں بھی ۶۵ فیصد ووٹ پڑے اس سے ثابت ہوا کہ اس ملک میں موجود ووٹرز ——— بہت سے ایسے ہیں جو ملک سے باہر گئے ہوئے ہیں۔ بہت سے ایسے ہیں جو مر چکے ہیں۔ ——— موجود ووٹرز ۶۰ اور ۷۰ فیصد ڈیڈ ووٹ قطعی طور پر اس ملک میں نہیں ہیں۔ مجھے بتائیں کہ اختیاط کے طور پر ۷۰ فیصد یا ۷۵ فیصد ٹوٹل ووٹس میں سے اگر ۵۲ فیصد ووٹ آجائیں، جو میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی اسمبلی میں اتنے ووٹ کاسٹ نہیں ہوئے۔ کسی بھی انتخابات میں اتنے ووٹ کاسٹ نہیں ہوتے۔ جتنا عوام نے ذوق و شوق اور میں سمجھتا ہوں جس لگن کے ساتھ ان اسمبلیوں کے لئے اپنے ووٹ ڈالے۔

آخر کیا وجہ ہے کہ سیاسی جماعتوں کی انہوں نے بالکل ہی پرواہ نہ کی، ان کی طرف انہوں نے کوئی توجہ ہی نہ دی۔ ان کی اپیلوں پر قطعی طور پر کسی نے دھیان نہ دیا۔ اور یہ بے اعتمادی اور بداعتمادی سیاسی جماعتوں سے عوام کو کیوں پیدا ہوئی؟ اس کی وجوہات غور سے دیکھنے کے قابل ہیں کہ سیاسی جماعتیں اس ملک میں کس طرح کام کرتی رہیں۔ پہلے تو میں ان جماعتوں کے بارے میں کہوں گا۔ جنہیں اس قسم کے قوانین بنا کر، جنہیں اس قسم کے کالے قوانین کے ذریعے سے سیاسی عمل جاری نہ رکھنے سے روکا جاتا رہا۔ ان کے سامنے قدغنیں لگائی جاتی رہیں، ان سیاسی جماعتوں کو زنجیروں میں جکڑا جاتا رہا۔

اور دن بدن نئی نئی ترمیمات کر کے نئے نئے ہتھکنڈے استعمال کر کے نئے نئے وار کر کے ان سیاسی جماعتوں بیچاریوں کو قطعی طور پر مفلوج کیا جاتا رہا اور انہیں مفلوج کرنے کی واحد وجہ اور سبب یہ بتایا جاتا رہا کہ ہماری اپنی پارٹی طاقتور ہو۔ کون سی پارٹی؛ جس پارٹی کی ملک میں حکومت ہو اور پھر کیفیت یہ ہوئی کہ جب بھی انتخابات اس ملک میں کرائے گئے تو ان تمام سیاسی جماعتوں کو جو بیچاریاں ایوان اقتدار تک نہیں پہنچ سکی تھیں یا نہیں پہنچ سکتی تھیں یا جنہیں ایوان اقتدار تک نہیں پہنچنے دیا جاتا تھا کبھی جھرلو سے کبھی دھاندلی سے کبھی جبر سے کبھی تشدد سے اور کبھی ترغیب و تحریص کے عمل سے تو پھر کیفیت یہ ہو جاتی تھی کہ وہ جماعتیں جو عوام کے اندر اپنی جڑیں مضبوط نہیں کر سکتی تھیں۔ جو عوام کے اندر اپنی جگہ نہیں پاتی تھیں، جن کا عوام کے ساتھ براہ راست تعلق نہیں ہوتا تھا تو پھر وہ عوام کو عجیب عجیب نعرے دے کر عجیب ترغیبات دے کر، عجیب عجیب ناقابل فہم اور ناقابل عمل منشور دے کر انہیں دھوکہ دینے کی کوشش کرتی رہیں کہ کسی طریقے سے یہ مظلوم قوم ان کی زنجیروں میں جکڑی جائے کسی طریقے سے یہ مظلوم قوم ان کی گرفت میں آ جائے اور کسی طریقے سے انہیں ان ایوانوں میں اور اقتدار میں پہنچنے کا کوئی موقع میسر ہو جائے۔

اس کے ساتھ ساتھ یہ عمل پہلی مرتبہ نہ دہرایا گیا بلکہ میں سب سے پہلے اس سیاسی جماعت کو لوں گا جو اس مملکت پاکستان کی خالق جماعت ہے، وہ جماعت جسے میرے قائد کی سرپرستی اور راہنمائی حاصل تھی۔ سب سے پہلا قائداعظم کی وفات کے بعد اس ملک میں سیاسی عمل کا گلا دبانے کا سہرا اسی جماعت کے سر پیدا ہوا۔ اس جماعت نے بجائے عوام کی طرف رجوع کرنے کے جس کا میں آج مطالبہ کر رہا ہوں۔ اگر اسی وقت وہ اس عمل کو دہرا لیتے اور عوام کا حق مان لیتے کہ اس مملکت کے کاروبار میں عوام کو شریک کرنا ہر حکومت، ہر جماعت اور ہر طاقتور کے لیے لازم و ملزوم ہے تو آج یہ نوبت نہ آتی۔ ہوا کیا؟ کہ وہ جماعت قائداعظم کی رحلت کے بعد یتیمی کی شکل اختیار کر چکی تھی جسے بہت بڑے سیاسی عمل کی ضرورت تھی، جسے دوبارہ عوام کی ملکیت بنانے کی ضرورت تھی۔

اور قائداعظم کے اصولوں کے تحت اس جماعت کو عوام کی جماعت رہنے دیا جانا چاہیے تھا۔ اس کے بارے میں پہلی سازش یہ کی گئی کہ اس جماعت کو سیاسی لونڈی بنایا گیا، حکومتی لونڈی بنایا گیا، اور رہا توں رات اندازہ فرمائیں کہ قائد کو گورنر جنرل بننے کے بعد کہا جاتا ہے کہ آپ اپنی مسلم لیگ کی صدارت برقرار رکھیں، قوم

آپ کو چاہتی ہے، قوم کا یہ مطالبہ ہے کہ قائداعظم تازیست اس جماعت کے صدر رہیں۔ مگر قائداعظم نے کہا نہیں، اب میری حیثیت گورنر جنرل کی ہے اور میں کبھی اس امر کی اجازت نہیں دے سکتا کہ حکومت اور سیاسی جماعت ایک ہی آدمی کے ہاتھ میں آجائیں، اور وہ جماعت جس کا سب سے بڑا عمل دخل احتساب کرنے کا ہوتا ہے، وہ بجائے احتساب کرنے کے خود حکومت کی بداعمالیوں میں شریک ہو جائے۔ تو قائداعظم نے جناب والا! اس سیاسی عمل کو عوام کی خواہشات......

جناب ڈپٹی سپیکر: حاجی صاحب! آپ سے گزارش ہے۔ اگر آپ conclude کر لیں

حاجی محمد سیف اللہ خاں: میں تو ابھی تمہید پر ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تو پھر اب ہاؤس کو ایڈجرن کرتے ہیں

You will have ten minutes only to morrow morning.

حاجی سیف اللہ خاں: نہ سر! میرا ٹائم نہیں لمٹ کیا جا سکتا۔ میں کل صبح پھر شروع ہونگا۔ ابھی یہ eliciting public opinion کی موشن ہے۔

No time-limit can be fixed, neither the Speaker has the power to fix time in such a way.

کل میں شروع کر دوں گا آپ کے فرمان کے مطابق

Mr. Deputy Speaker: So we meet at 10.00 O'Clock tomorrow morning.

[*The house adjourned to meet at ten of the clock, in the morning on Monday, the 2nd December, 1985.*]